PROFESSIONAL NEWS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت مسلسل صحافت کے 3 سال

ABC CERTIFIED

wattanepakistannewspaper@gmail.com 0310-4613157

Dailywattanepakistan.com 0300-6914754

★★ اسلام آباد، لاہور، پشاور، ملتان، کوئٹہ، کراچی اور آزاد کشمیر سے شائع ہونے والا قومی اخبار ★★

اعلیٰ صحافتی روایات کا امین، مظلوم طبقات کی آواز

THE DAILY WATTAN-E-PAKISTAN

حق اور سچ کی آواز

روزنامہ وطنِ پاکستان لاہور

سرپرست اعلیٰ: محمد وارث یونس حناء ناز | ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اینڈ پروڈکشن: محمد عاشق | چیف ایگزیکٹو: چوہدری فیصل اکرم ایڈووکیٹ | لیگل ایڈوائزر: رائے شعبان | گروپ ایڈیٹر

جلد نمبر 05 | جمعہ، 21 اگست 2026ء، 08 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 6، قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر 50

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستانی قوم نے ہزار 90 جانوں کی قربانی دیں، عطا تارڑ

دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے خطرے کے پیش نظر ریاست نے نیشنل ایکشن پلان تشکیل دینے کا فیصلہ کیا، جو دہشتگردی کے خلاف ریاست کا متفقہ فیصلہ تھا، وفاقی وصوبائی حکومتوں، افواج پاکستان اور تمام اداروں نے متحد ہوکر دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں کیں

سوات سے بلوچستان اور جنوبی پنجاب تک دہشتگردی کے خطرات کا نیشنل ایکشن پلان کے تحت مقابلہ کیا گیا اور ڈھائی سے 3 سال کے عرصے میں دہشتگردی کے خلاف نمایاں کامیابیاں حاصل ہوئیں

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ 2017 میں نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشتگردی پر قابو پایا گیا، جس کے نتیجے میں ملک میں امن بحال ہوا اور سرمایہ کاری کے لیے ماحول بہتر ہوا، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستانی قوم، افواج پاکستان، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے 90 ہزار جانوں کی قربانیاں دیں۔ اسلام آباد میں ایک ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے خطرے کے پیش نظر ریاست نے نیشنل ایکشن پلان تشکیل دینے کا فیصلہ کیا، جو دہشتگردی کے خلاف ریاست کا متفقہ فیصلہ تھا، وفاقی وصوبائی حکومتوں، افواج پاکستان اور تمام اداروں نے متحد ہوکر دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں کیں۔ انہوں نے کہا کہ سوات (بقیہ نمبر 38)

بانی پی ٹی آئی کے علاج سے متعلق حکم کا جائزہ لیا گیا، فیصلے پر نظر ثانی کیلئے سپریم کورٹ سے رجوع کریں گے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے علاج سے متعلق (بقیہ نمبر 6)

''اب یہ یک زبان شروع ہوں گے ہمیں کیوں نکالا؟''، مسرت چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے پاکستان مسلم لیگ (بقیہ نمبر 5)

سپریم کورٹ کا فیصلہ شاندار اور تاریخی، سیاسی بے چینی ختم ہوگی، شیخ رشید

راولپنڈی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی (بقیہ نمبر 4)

سینیٹر شیری رحمان کی بھارتی وزیر داخلہ کے الزامات کی شدید الفاظ میں مذمت

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے بھارتی وزیر داخلہ کے الزامات کی (بقیہ نمبر 3)

فتن الہند وستان کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، حنیف عباسی



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں فتن الہندوستان کے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف 'قومی یوتھ اسمبلی' (نوجوانوں کے لیے روزگار کی قومی پالیسی) کے نفاذ کے روڈ میپ پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عمران خان کی ہسپتال منتقلی، پی ٹی آئی کی کارکنان سے ہسپتال کے باہر جمع نہ ہونی کی اپیل

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت اور علاج کے مفاد میں ہسپتال کے باہر پرامن ماحول رکھا جائے، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے کارکنان سے بانی پی ٹی آئی کی ہسپتال منتقل کے موقع پر ہسپتال کے باہر جمع نہ ہونے کی اپیل کی ہے۔ پارٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت اور علاج کے مفاد میں ہسپتال کے (بقیہ نمبر 8)

اسحاق ڈار سے روس کے سفیر کی ملاقات، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے (بقیہ نمبر 7)

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فورسز کی کارروائیاں، 9 دہشت گرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے زیارت، ہرنائی اور سوراب میں دہشت گردوں کیخلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 9 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے۔ سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی سلسلے میں بڑا (بقیہ نمبر 9)

سپریم کورٹ کا عمران خان کو شفا ہسپتال منتقل کرنے کا حکم

فیملی اور ذاتی معالج سے ملاقاتوں کا حکم

سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا اور پارلیمانی سیکرٹری شاہد خٹک نے اسپتال کے باہر سیاسی سرگرمی نہ کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ جسٹس شاہد وحید نے استفسار کیا کہ اسپتال میں علاج کا خرچ کون اٹھائے گا؟ وکیل عزیر بھنڈاری نے جواب دیا کہ اسپتال میں علاج کا خرچ ہم خود اٹھائیں گے

سپریم کورٹ نے حکم دیا کہ اسپتال کے باہر کسی قسم کی سیاسی سرگرمی نہ کی جائے، جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ اسپتال میں اور بھی مریض ہوتے ہیں، اسپتال کے دیگر مریض متاثر نہیں ہونے چاہئیں، اسپتال کے باہر میڈیا ٹاک یا پریس کانفرنس نہ کی جائیں

اسلام آباد: بانی پی ٹی آئی سے بہنوں سمیت دیگر کی ملاقات اور ذاتی معالجین تک رسائی کے کیس میں سپریم کورٹ نے عمران خان کو آئندہ سماعت تک اسلام آباد کے الشفاء اسپتال منتقل کرنے جبکہ عطئی خان اور ذاتی معالج ڈاکٹر فیصل سلطان سے ملاقات کروانے کا حکم دے دیا۔ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا اور پارلیمانی سیکرٹری شاہد خٹک نے اسپتال کے باہر سیاسی سرگرمی نہ کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ جسٹس شاہد وحید نے استفسار کیا کہ اسپتال میں علاج کا خرچ کون اٹھائے گا؟ وکیل عزیر بھنڈاری نے جواب دیا کہ اسپتال میں علاج کا خرچ ہم خود اٹھائیں گے۔ (بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد: 'پاکستان آبزرور' کے چیئرمین اور ایڈیٹر ان چیف فیصل زاہد ملک نے پارلیمنٹ ہاؤس میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کی۔

فضائی آلودگی پر قابو پانے کیلئے قومی سطح پر مشترکہ اور مربوط کوششیں ناگزیر ہیں، مصدق ملک

حکومت ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے جو فضائی آلودگی میں کمی لانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ فضائی آلودگی انسانی صحت کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے، جو فضائی آلودگی میں کمی لانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وہ منگل کو پاکستان نیشنل کلین ایئر پالیسی کے مسلمد آرمی منصوبے سے (بقیہ نمبر 14)

پاکستان اور روس کے درمیان کلیدی شعبوں میں تعاون اور رابطے جاری رکھنے پر اتفاق

خطے میں پائیدار امن واستحکام کے فروغ کیلئے صرف مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد حل ہیں، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے روس کے سفیر البرٹ خوریف نے ملاقات کی جس میں پاک روس دوطرفہ تعلقات میں پیشرفت کا جائزہ لیا اور علاقائی امن و استحکام کے لیے سفارتی حل اور مذاکرات کے تسلسل پر زور دیا۔ ملاقات کے دوران نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاک روس دوطرفہ تعلقات میں آنے والے (بقیہ نمبر 10)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نیشنل سکول آف پبلک پالیسی کے زیر اہتمام کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

محسن نقوی کا میجر احسان کی رہائشگاہ کا دورہ، اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار

شہید میجر احسان کا عزم اور جذبہ ہی قوم کی اصل قوت ہے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی گفتگو

میانوالی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان میں خوارجی دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے میجر احسان کی رہائش گاہ کا دورہ کیا اور ان کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ (بقیہ نمبر 12)

سید علی رضا وزیر اعظم آفس (پبلک) افیئرز یونٹ میں قانونی مشیر مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم نے سید علی رضا کو وزیر اعظم آفس (پبلک) افیئرز یونٹ میں قانونی مشیر مقرر کر دیا۔ (بقیہ نمبر 11)

حکومت نے 2027 میں حج کے خواہش مند پاکستانیوں کیلئے بڑی سہولت کا آغاز کر دیا

وفاقی وزیر برائے مذہبی امور نے آن لائن اخراجات جمع کرانے کی سہولت کا آغاز کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور نے حج 2027 کیلئے اخراجات جمع کروانے کیلئے آن لائن سسٹم کا افتتاح کر دیا جس کے تحت عازمین آن لائن پیسے جمع کروا سکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مذہبی امور نے 2027 کیلئے حج کے خواہش مند عازمین کیلئے آن لائن پیسے جمع کرانے کے سسٹم کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھر سے لوگ آن لائن حج کیلئے فیس جمع کروا سکتے ہیں اور بینک کارڈ کے ذریعے ادائیگی ہو سکتی ہے۔ (بقیہ نمبر 17)

برطانیہ نے شبیر احمد کی واپسی کے لیے دباؤ بڑھایا تو دوطرفہ تعاون متاثر ہو سکتا ہے، پاکستان

شبیر احمد بنیادی طور پر برطانیہ کا اندرونی مسئلہ ہے اور برطانیہ کو اس معاملے کو اپنے دائرہ اختیار میں حل کرنا چاہیے، حکام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے روچڈیل گرومنگ گینگ کے سرغنہ شبیر احمد کو برطانیہ سے پاکستان واپس بھیجنے کے مطالبے پر سخت تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر برطانیہ نے پاکستان پر انہیں قبول کرنے کے لیے دباؤ ڈالا تو غیر قانونی تارکین وطن کی واپسی سمیت دونوں ممالک کے درمیان سیکیورٹی، انٹیلی جنس اور منظم جرائم کے خلاف تعاون متاثر ہو سکتا ہے۔ پاکستانی حکام کے مطابق اسلام آباد نے گزشتہ ایک سال کے دوران (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر اعلیٰ پنجاب علی ڈار 8 ویں ورلڈ تائیکوانڈو پریذیڈنٹس کپ، انٹرنیشنل بیچ 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں۔

میرے بیٹے کے کیس میں سندھ حکومت کی ٹیمپرنگ نظر آ رہی ہے: والد میر رضا

کراچی (این این آئی) میر رضا کے والد میر حسین نے کہا ہے کہ میرے بیٹے کے کیس میں سندھ حکومت کی ٹیمپرنگ نظر آ رہی ہے۔ میر رضا کے قتل کے قاتلوں کی عدم گرفتار پر سٹی کورٹ میں وکلاء کی جانب سے احتجاج کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے میر رضا کے والد میر حسین نے کہا کہ ڈاکٹر اسامہ کو اس لیے فارغ کر (بقیہ نمبر 30)

آن لائن فراڈ کیس، 284 غیر ملکیوں کی حراست کیلئے نجی پلازہ دوبارہ سب جیل قرار

اسلام آباد (این این آئی) آن لائن فراڈ اور مبینہ فحش مواد پھیلانے کے الزام میں کال سینٹرز سے گرفتار 284 غیر ملکی شہریوں کو رکھنے کے لیے گلبرگ گرین کے ایک نجی پلازے کو دوبارہ سب جیل قرار دے دیا گیا۔ چیف کمشنر آفس اسلام آباد کی جانب سے نجی پلازے کو سب جیل قرار دینے کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، وزارت داخلہ سے تمام قانونی مراحل مکمل (بقیہ نمبر 31)

سردار ایاز صادق کا نو دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے زیارت، ہرنائی اور سوراب میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کے دوران 9 سے زائد دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں حوصلہ افزا ہیں، بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔ منگل کو ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کو (بقیہ نمبر 32)

کینیڈا بھجوانے کے نام پر 60 لاکھ روپے ہتھیانے والا انسانی اسمگلر گرفتار

ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے انسانی اسمگلر اور ایجنٹ ندیم مسیح ولد نذیر مسیح کو گرفتار کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) کینیڈا بھجوانے کے نام پر 60 لاکھ روپے ہتھیانے والا انسانی اسمگلر گرفتار کر لیا گیا۔ ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے انسانی اسمگلر اور ایجنٹ ندیم مسیح ولد نذیر مسیح کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ ملزم نے شکایت کنندہ کو کینیڈا بھجوانے کا جھانسہ دے کر 60 لاکھ روپے ہتھیائے۔ ملزم کے خلاف ایف آئی آر نمبر 592/26 دفعات 18 اور 22 ایمیگریشن آرڈیننس 1979 اور (بقیہ نمبر 19)

منشیات کیس؛ تین ملزمان کی اپیلیں منظور، 14، 14 سال قید کی سزائیں کالعدم

استغاثہ اپنا مقدمہ بلاشک وشبہ ثابت کرنے میں ناکام رہا، غلط مقدمہ درج کیا گیا یا انتہائی ناقص تفتیش ہوئی، ہائیکورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے منشیات رکھنے کے الزام میں سزا پانے والے تین ملزمان ارسلان، عین الدین اور علی مرتضیٰ کی اپیلیں منظور کرتے ہوئے ماتحت عدالت کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس عمر سیال کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے اپیلوں پر فیصلہ سناتے ہوئے قرار دیا کہ استغاثہ ملزمان کے خلاف اپنا مقدمہ بلاشک وشبہ ثابت کرنے میں ناکام رہا۔ (بقیہ نمبر 27)

بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال منتقل کرنے کا حکم، پاکستان تحریکِ انصاف کا سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا حکم ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو فوری شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کیا جائے۔ پی ٹی آئی کے اعلامیے میں کہا گیا ہے (بقیہ نمبر 28)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق حلقہ پی پی 153 میں جاری ترقیاتی منصوبوں بارے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

راولپنڈی پولیس میں تفتیشی نظام مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

سنگین مقدمات کے ملزمان کی گرفتاری اور سزا یابی یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (کرائم رپورٹر/نصیر وڑائچ) ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ نے چارج سنبھالنے کے بعد پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں سی پی او آفس کے مختلف برانچ ہیڈز کے ساتھ تعارفی اجلاس کیا، جس میں تفتیشی امور، مقدمات کی پیش رفت اور شہریوں کو بہتر پولیس سروسز کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا۔ ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ نے افسران کو ہدایت کی کہ تھانوں اور پولیس دفاتر میں آنے والے شہریوں کو بروقت اور مؤثر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے جبکہ قتل سمیت دیگر سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ زیر تفتیش مقدمات کو اصل حقائق اور میرٹ کی بنیاد پر جلد از جلد یکسو کیا جائے اور بہترین تفتیش کے ساتھ مقدمات کی مؤثر پیروی کرتے ہوئے ملزمان کو عدالتوں سے سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں۔ ایس ایس پی انویسٹیگیشن نے اشتہاری مجرمان اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور انہیں انصاف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

مہنگائی نے عوام کی مت ماردی، سفید پوش طبقے کی زندگی اجیرن بن گئی

لوگ فاقوں کے باعث خودکشیوں پر مجبور۔ پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا

راولپنڈی (راجہ افضال حسین) مہنگائی نے عوام کی مت ماردی۔ سفید پوش طبقے کی زندگی اجیرن بن گئی۔ لوگ فاقوں کے باعث خودکشیوں پر مجبور۔ پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا۔ تاجر اور عام شہری پریشان۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ۔ تاجروں اور عام شہریوں کی مشکلات میں دن بدن اضافہ ہو گیا ہے۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کر دیا ہے۔ سروے کے مطابق عام شہری اور تاجروں کا کہنا ہے کہ وہ پہلے ہی مہنگائی اور کاروباری اخراجات کے باعث شدید پریشانی کا شکار ہیں، ایسے میں پٹرول کی قیمتوں میں بار بار اضافہ ان کے لیے مزید مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ پٹرول مہنگا ہونے سے اشیائے ضروریہ کی چیزوں کے اخراجات بڑھتے ہیں، جس کا براہِ راست اثر اٹا چینی گھی دودھ کی قیمتوں پر پڑتا ہے اور مہنگائی میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ عوام اور تاجر برادری نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ روکنے اور مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ کاروباری طبقے سمیت عام شہریوں کو ریلیف مل سکے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف پٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے تو دوسری جانب بجلی کے بھاری بلوں اور بڑھتی ہوئی بجلی کی قیمتوں نے بھی عوام کو شدید متاثر کیا ہے۔ عوام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں کمی سمیت مہنگائی پر قابو پانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال پنڈی گھیب کیلئے 12 نئے ڈاکٹرز اور 2 ایمبولینسز کی منظوری

عوامی حلقوں کا چیئرمین واسا۔ ممبر پنجاب اسمبلی سے اظہار تشکر

پنڈی گھیب (ملک کاشف) تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال پنڈی گھیب کیلئے 12 نئے ڈاکٹرز اور 2 ایمبولینسز کی منظوری۔ عوامی حلقوں کا چیئرمین واسا۔ ممبر پنجاب اسمبلی سے اظہار تشکر۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال پنڈی گھیب میں طبی سہولیات اور عوام کو بروقت علاج معالجہ کی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اہم پیش رفت۔ چیئرمین واسا پنجاب وایم پی اے نوابزادہ چوہدری شیر علی خان کی درخواست پر وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف نے ٹی ایچ کیو اسپتال پنڈی گھیب کے لیے مزید 12 ڈاکٹرز کی تعیناتی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ علاوہ ازیں ہسپتال کے لیے 2 نئی ایمبولینسز کی بھی منظوری دے دی گئی ہے، جس کے بعد وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے متعلقہ محکمہ کو باقاعدہ لیٹر بھی ارسال کر دیا گیا ہے۔ ڈاکٹرز کی اضافی تعیناتی اور ایمبولینسز کی فراہمی سے تحصیل پنڈی گھیب اور گردونواح کے عوام کو مقامی سطح پر طبی سہولیات کی فراہمی سے علاقہ بھر کے عوام کو علاج معالجے میں درپیش مشکلات کا ازالہ ہوگا۔ جبکہ مریضوں کو بروقت طبی امداد اور ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو دور دراز شہروں میں

ڈی سی ڈی ہلکار بلال کے خلاف شکایت، ایس ایس پی سی ڈی کا انکوائری کا حکم

قصور ثابت ہونے پر سخت کارروائی کا اعلان

راولپنڈی (کرائم رپورٹر/نصیر وڑائچ) سی ٹی ڈی اہلکار بلال کے خلاف شہری کی جانب سے دی گئی درخواست پر اعلیٰ پولیس حکام نے نوٹس لے لیا۔ درخواست میں اہلکار کے خلاف مختلف الزامات عائد کیے گئے ہیں، جس پر ایس ایس پی سی ٹی ڈی حسن جہانگیر نے معاملے کی باقاعدہ انکوائری کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ ذرائع کے مطابق شکایت کنندہ کی درخواست پر ایس ایس پی سی ٹی ڈی حسن جہانگیر سے رابطہ کیا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے انکوائری کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انکوائری میں اگر سی ٹی ڈی میں تعینات پولیس اہلکار بلال قصوروار پایا گیا تو اسے معطل کرنے کے ساتھ اس کے خلاف قانون کے مطابق مقدمہ درج کیا جائے گا۔ ایس ایس پی سی ٹی ڈی کا مزید کہنا تھا کہ انکوائری کے دوران شکایت میں لگائے گئے الزامات کی مکمل چھان بین کی جائے گی، جبکہ اگر درخواست گزار کی جانب سے دی گئی درخواست جھوٹی یا بے بنیاد ثابت ہوئی تو اس کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پولیس حکام کے مطابق کسی بھی اہلکار کو اختیارات سے تجاوز یا قانون کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی اور انکوائری رپورٹ کی روشنی میں میرٹ پر کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

جب آپ یو اے ای میں کرسی کے خلاف فریق بنیں گے تو ردعمل تو دیکھنا ہوگا، خواجہ آصف

جانتا ہوں وہاں پاکستانیوں کے ساتھ کیا ہو رہا ہے، وہاں لوگوں نے حالیہ جنگ میں فریق بننے کی کوشش کی، قومی اسمبلی میں بیان

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف نے ایران امریکا جنگ کے بعد یو اے ای میں پاکستانیوں کے ساتھ ناروا سلوک کا معاملہ قومی اسمبلی میں اٹھا دیا اور کہا ہے کہ یو اے ای ہمارا دوست ملک ہے لیکن جو کچھ ہوا اس پر تحفظات ہیں، بھارت اور امریکی پاسپورٹ والوں کو سفر کی اجازت دی جا رہی پاکستانیوں کو نہیں جس پر خواجہ آصف نے جواب دیا ہے کہ جب آپ کسی ملک میں رہ کر اسی کے خلاف فریق بنیں گے تو وہ (بقیہ نمبر 29)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن وزیر اعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ماں کی عظمت کو سلام، والدین کی خدمت کامیابی کی بنیاد ہے، حاجی محمد علیم آرائیں

ہمارے بزرگ سچے اور سچے عاشقانِ رسول ﷺ تھے/۔ حاجی محمد علیم آرائیں

راولپنڈی: انجمن غلامانِ عاشقانِ رسول ﷺ کے سرپرستِ اعلیٰ حاجی محمد علیم آرائیں نے کہا ہے کہ ماں کی عظمت کو سلام، ماں باپ اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں۔ جو اولاد اپنے والدین کی خواہشات اور رضا کا احترام کرتی ہے، اللہ تعالیٰ اسے دین و دنیا کی بے شمار نعمتوں سے نوازتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم گزشتہ 30 سال سے عشق و محبتِ رسول ﷺ کے جذبے کے ساتھ جشنِ عید میلاد النبی ﷺ مناتے آ رہے ہیں اور آئندہ بھی اسی عقیدت، شان و شوکت اور جوش و جذبے کے ساتھ میلاد و مصطفیٰ ﷺ کی محافل کا انعقاد کرتے رہیں گے۔ حاجی محمد علیم آرائیں نے کہا کہ ہمارے بزرگ سچے اور سچے عاشقانِ رسول ﷺ تھے۔ انہوں نے ہمیں محبتِ رسول ﷺ، ادب و احترام اور حضور نبی کریم ﷺ کی ناموس و حرمت پر جان و مال قربان کرنے کا درس دیا۔ آج ہمیں اپنے بزرگوں کی اسی روشن روایت کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید میلاد النبی ﷺ ہمارے لیے خوشی، محبت اور عقیدت کا عظیم موقع ہے۔ اس موقع پر ہمیں سیرتِ طیبہ کو عام کرنے کے ساتھ ساتھ حضور اکرم ﷺ کے پیغام امن، محبت، بھائی چارے اور رواداری کو بھی فروغ دینا چاہیے۔ انہوں نے امتِ مسلمہ سے اپیل کی کہ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ایک دوسرے کے ساتھ پیار، محبت اور رواداری سے پیش آئیں، اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کریں اور شہر شہر، گلی گلی، نگر نگر محفلِ میلاد مصطفیٰ ﷺ کا اہتمام کریں حاجی محمد علیم آرائیں نے مزید کہا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی سیرتِ مبارکہ ہمارے لیے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ ہمیں چاہیے کہ جشنِ میلاد کو صرف خوشی تک محدود نہ رکھیں بلکہ آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے معاشرے میں محبت، اخوت، خدمتِ خلق اور امن کو فروغ دیں۔

عوامی خزانے کے بے دریغ استعمال کا سلسلہ بند کیا جائے، شہری

حکمران پروٹوکول ختم کریں۔ شاہانہ طرز زندگی ختم کر کے سادگی اپنائیں

اڈیالہ (ملک نعیم اختر) عوامی خزانے کے بے دریغ استعمال کا سلسلہ بند کیا جائے، حکمران پروٹوکول ختم کریں۔ شاہانہ طرز زندگی ختم کر کے سادگی اپنائیں۔ شہریوں نے صحافیوں سے چیت کرتے ہوئے کہا حکمران عوام کے ٹیکسوں سے حاصل ہونے والے قومی خزانے کے بے دریغ استعمال کا سلسلہ فوری طور پر بند کریں۔ عوام مہنگائی، بجلی کے بھاری بلوں اور پٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، جبکہ حکمرانوں کے پروٹوکول، سرکاری گاڑیوں، پٹرول اور دیگر مراعات پر قومی خزانے سے خطیر رقم خرچ کی جا رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکمران اور سرکاری افسران غیر ضروری پروٹوکول ختم کریں اور بجلی و پٹرول سمیت ذاتی اخراجات اپنی جیب سے ادا کریں۔ قومی وسائل کو شاہانہ اخراجات کے بجائے عوام کو ریلیف دینے، بجلی کے بلوں میں کمی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خرچ کیا جائے۔ عوام کا کہنا ہے کہ حکمران اگر سادگی اختیار کریں اور قومی خزانے کی ایک ایک پائی کا ذمہ داری سے استعمال یقینی بنائیں تو نہ صرف حکومتی اخراجات میں کمی آئے گی بلکہ عام آدمی کے لیے بھی آسانیاں پیدا کی جا سکتی ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ فوری طور پر غیر ضروری اخراجات کا خاتمہ کر کے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے۔

پنجاب میں گاڑیوں کے ماحولیاتی معائنے کے نظام کا فروغ

لاہور میں گاڑیوں کے معائنے کی مشاورتی کانفرنس کا انعقاد

بہاولنگر (محمد اشفاق وٹو) منچن آباد پنجاب میں گاڑیوں کے ماحولیاتی و تکنیکی معائنے کے نظام کے فروغ کے لیے اہم ڈیلر و فرنچائز کنونشن لاہور: پنجاب میں گاڑیوں کے معائنے اور تصدیقی نظام کو مزید مؤثر، جدید اور ماحول دوست بنانے، سڑکوں پر محفوظ گاڑیوں کے فروغ اور فضائی آلودگی میں کمی کے لیے نجی شعبے اور متعلقہ سرکاری اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے کے حوالے سے پی وی آئی سی ایس ڈیلر و فرنچائز مشاورتی کانفرنس لاہور کے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس کے مہمانِ خصوصی سیکریٹری پنجاب پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، جناب حسن احسن تھے، جبکہ سیکریٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی جناب رانا محسن اور موٹر وہیکل ایگزامنر جناب اعجاز وڑائچ بھی کانفرنس میں شریک ہوئے۔ کانفرنس میں آٹو ایون کی انتظامیہ کی جانب سے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب راشد منہاس، ڈائریکٹر بزنس آپریشنز جناب شہزاد ملک، مینیجنگ ڈائریکٹر جناب آفتاب گیلانی اور جنرل مینیجر جناب وسیم احمد نے شرکت کی۔ کانفرنس کا بنیادی مقصد پنجاب میں گاڑیوں کے معائنے کے ایک منظم، شفاف، ٹیکنالوجی پر مبنی اور ماحول دوست نظام کے فروغ کے ساتھ ساتھ ڈیلرز، سرمایہ کاروں اور فرنچائز شراکت داروں کو اس شعبے میں موجود مواقع اور مستقبل کی ضروریات سے آگاہ کرنا تھا۔ فضائی معیار اور ماحولیاتی تحفظ پر خصوصی توجہ کانفرنس میں فضائی معیار کے اشاریے (ایئر کوالٹی انڈیکس) کی اہمیت پر خصوصی روشنی ڈالی گئی۔ مقررین نے کہا کہ گاڑیوں سے خارج ہونے والی آلودگی شہری علاقوں میں فضائی معیار کو متاثر کرنے والے اہم عوامل میں شامل ہے، اس لیے گاڑیوں کے مؤثر اخراجی معائنے اور بروقت اصلاحی اقدامات کے ذریعے ماحولیاتی تحفظ، صاف ہوا اور صحت مند معاشرے کے قیام میں اہم کردار ادا کیا جا سکتا ہے۔ اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ مستقبل میں فضائی آلودگی اور فضائی معیار سے متعلق نگرانی اور قانون پر عمل درآمد کے نظام میں بہتری کے ساتھ گاڑیوں کے معائنے کی ضرورت مزید بڑھ سکتی ہے۔ اس سلسلے میں گاڑیوں کے اخراج کی جانچ کو صرف ایک قانونی تقاضا نہیں بلکہ ماحولیاتی ذمہ داری کے طور پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ حکومتی نگرانی اور قانون پر عمل درآمد کانفرنس میں گاڑیوں کے معائنے کے نظام میں حکومتی اداروں کے کردار اور قانون پر عمل درآمد کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، موٹر وہیکل ایگزامنرز اور ٹریفک پولیس کے کردار کو مؤثر گاڑیوں کے معائنے اور قانون کی پابندی کے لیے اہم قرار دیا گیا۔ اس کے علاوہ ای چالان، بارکوڈ اور ڈیجیٹل نگرانی کے نظام جیسے اقدامات کو بھی مستقبل کے مربوط نظام کا حصہ قرار دیا گیا، جن کے ذریعے گاڑیوں کے معائنے، ریکارڈ اور قانون پر عمل درآمد کو مزید شفاف اور مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ 27 نکاتی مرکز تیاری کا جامع نظام کانفرنس میں گاڑیوں کے معائنے کے مراکز کے قیام کے لیے 27 نکاتی مرکز تیاری کے فریم ورک کو بھی پیش کیا گیا، جس میں ابتدائی تصور سے لے کر جگہ کے انتخاب، دستاویزات، رجسٹریشن، تکنیکی تنصیب، تربیت، درخواست، لائسنس، آپریشن اور مستقبل کی توسیع تک تمام اہم مراحل کو ایک منظم طریقہ کار میں شامل کیا گیا ہے۔ اس فریم ورک کا مقصد سرمایہ کاروں اور فرنچائز شراکت داروں کے لیے غیر یقینی صورتحال کو کم کرنا، مرکز کے قیام کے عمل کو آسان بنانا اور آپریشن شروع کرنے کے لیے مطلوبہ تیاری کو تیز کرنا ہے۔ ڈیلرز اور سرمایہ کاروں کے لیے کاروباری مواقع کانفرنس میں واضح کیا گیا کہ پنجاب میں گاڑیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد، مختلف شہروں تک معائنے کے مراکز کی توسیع، مسلسل قانونی و ریگولیٹری ضرورت اور ماحولیاتی تقاضوں کے باعث گاڑیوں کے معائنے کا شعبہ مستقبل میں اہم کاروباری امکانات رکھتا ہے۔ ممکنہ شراکت داروں کے لیے یہ تصور پیش کیا گیا کہ شراکت دار سرمایہ کاری، موزوں جگہ، مقامی مارکیٹ سے واقفیت، سرکاری و نجی شعبے کا کانفرنس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پنجاب میں گاڑیوں کے معائنے کے نظام کو قانون پر عمل درآمد، سڑکوں کی حفاظت، ماحولیاتی تحفظ، صاف ہوا، جدید ٹیکنالوجی اور پائیدار کاروباری مواقع کے ایک مربوط نظام کے طور پر فروغ دینے کے لیے تمام متعلقہ فریق اپنا کردار ادا کریں گے۔ "بہتر معائنہ — محفوظ گاڑیاں — صاف ہوا — محفوظ مستقبل۔

گاؤں ہئیر میں بجلی کے کھمبے پہنچنے سے مسئلہ حل

اہلِ علاقہ نے بجلی کی سہولت ملنے پر حکومت کا شکریہ ادا کیا

لاہور: (سعید اصغر اعوان) گاؤں ہئیر میں طالب حسین اعوان نمبردار کے ڈیرے پر بجلی کے کھمبے پہنچ گئے۔ اہلِ علاقہ کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا۔ گاؤں ہئیر کی سیاسی و سماجی شخصیت اور پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما حاجی افضل اعوان نے وزیرِ اعظم میاں محمد شہباز شریف، ایم پی اے چوہدری نواز جٹ، وزیرِ اعظم کے مشیر طلحہ برکی اور وفاقی وزیر رانا مبشر اقبال کا اس اہم منصوبے پر خصوصی شکریہ ادا کیا۔ ملک وسیم افضل اعوان نے گاؤں ہئیر کی ان سیاسی و سماجی شخصیات کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس مسئلے کے حل کے لیے خصوصی کاوشیں کیں۔ ان میں شامل ہیں: حاجی افضل اعوان سابقہ ناظم سابقہ ممبر ضلع کونسل، نوید چھینا پی ایس او حاجی عبدالجبار مغل، حاجی مجید مغل، فیاض سندر، وزیر علی بٹ محسن نوردین میو اسلم میو حاجی گلزار اور دیگر معززین۔ اس موقع پر ملک وسیم افضل اعوان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) این اے 123 اور پی پی 158 میں عوامی فلاح و ترقیاتی کام کر رہی ہے اور عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ اہلِ علاقہ نے بجلی کی سہولت ملنے پر حکومت اور تمام معاونین کا شکریہ ادا کیا۔

پنجاب ریونیو اتھارٹی کی سخت کارروائی، کولڈ سٹور سیل کر دیا گیا

ٹیکس کی عدم ادائیگی پر طاہر نوازش کولڈ سٹور پر انفورسمنٹ کی کارروائی

عارف والا (رپورٹر اورنگزیب موہلہ) نائب صدر قائد اعظم میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارف والا۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی (PRA) ضلع پاکپتن کی انچارج میڈم عدن سجاد کی زیر نگرانی طاہر نوازش کولڈ سٹور کچہری روڈ پاکپتن کے نام سے کولڈ سٹور تیج کے خلاف مسلسل عدم تعمیل اور بقایا جات کی عدم ادائیگی پر سخت انفورسمنٹ کی کارروائی۔ ٹیکس دہندہ تعمیل کے مواقع فراہم کرنے کے باوجود اپنی قانونی ٹیکس ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہا تھا۔ نتیجتاً، پنجاب سیلز ٹیکس ایکٹ، 2012 کی متعلقہ دفعات کے تحت نفاذ کی کارروائی شروع کی گئی، اور پنجاب سیلز ٹیکس آن سروسز (انفورسمنٹ) رولز، 2014 کے قاعدہ 6 کے ساتھ پڑھے گئے ایکٹ کے سیکشن 70 (d) کے تحت عطا کردہ اختیارات کے استعمال میں لاتے ہوئے کاروبار کو سیل کر دیا گیا۔ یہ کارروائی ٹیکس کی تعمیل کو یقینی بنانے عوامی محصولات کی حفاظت اور تعمیل کرنے والے ٹیکس دہندگان کے لیے برابری کی سطح کو برقرار رکھنے کے لیے PRA کے عزم کی عکاسی کرتی ہے پی آر اے نے ٹیکس چوری عدم تعمیل اور ٹیکس واجبات کی ادائیگی میں جان بوجھ کر ڈیفالٹ کے حوالے سے صفر رواداری کا طریقہ اپنایا ہے۔ PRA تمام ٹیکس دہندگان پر زور دیتا ہے کہ وہ اپنی قانونی ذمہ داریوں کو پورا کریں اور قانونی اور نفاذ کی کارروائی سے بچنے کے لیے ٹیکس کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں پنجاب ریونیو اتھارٹی تعمیل کو یقینی بنانا عوامی محصولات کا تحفظ۔

حجرہ شاہ مقیم میں دن دہاڑے ڈکیتی کی بڑی واردات

علی احمد جٹ کو فائر مار کر موٹر سائیکل چھینی گئی



حجرہ شاہ مقیم سے (بیورو چیف محمود اشرف) حجرہ شاہ مقیم کی حدود میں دن دہاڑے ڈکیتی کی بڑی واردات حجرہ شاہ مقیم کے علاقے فلائی والا دربار کے قریب، تھانہ حجرہ کی حدود میں دن دہاڑے ڈکیتی کی بڑی واردات پیش آئی ہے۔ نامعلوم ڈاکوؤں نے کھرل کلاں کے رہائشی علی احمد جٹ کو فائر مارا، جس کے نتیجے میں علی احمد شدید زخمی ہو گئے۔ اس کے بعد ملزمان اس کی موٹر سائیکل چھین کر موقع سے فرار ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی۔ علاقہ مکینوں اور مقامی شہریوں نے دن دہاڑے ہونے والی اس واردات پر شدید تشویش کا اظہار کیا اور آر پی او و ڈی پی او سے فوری نوٹس لینے اور علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

عارف والا: شفیع شادی چوک میں ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائی

ڈپٹی کمشنر پاکپتن کے احکامات پر تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری

عارف والا (رپورٹر اورنگزیب موہلہ) نائب صدر قائد اعظم میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارف والا۔ پریس ریلیز عارف والا: شفیع شادی چوک میں ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائی دکاندار کو جرمانہ عارف والا: ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا کے احکامات اور اسسٹنٹ کمشنر عارف والا صوبیہ فلک کی ہدایت پر ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں عارف والا: انفورسمنٹ انسپکٹر و پیرا فورس انچارج عارف والا وحید اسلم کی زیر نگرانی پیرا فورس ٹیم نے شفیع شادی چوک کا دورہ کیا اور تجاوزات کے خلاف کارروائی عمل میں لائی۔ کارروائی کے دوران مصالحہ جات کی ایک دکان کے باہر سامان رکھ کر عوامی گزرگاہ پر ناجائز قبضہ اور راستے میں رکاوٹ پیدا کی گئی تھی، جس پر انفورسمنٹ ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دکان کے باہر رکھا سامان اندر کروایا جبکہ متعلقہ دکاندار کو جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ اس موقع پر کارروائی کے دوران انویسٹیگیشن افیسر محسن رحمان بھی موجود تھے۔ انفورسمنٹ انسپکٹر وحید اسلم نے کہا کہ شہریوں کی سہولت، ٹریفک کی روانی اور عوامی گزرگاہوں کو تجاوزات سے پاک رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عارف والا: ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز اور تسلسل کے ساتھ جاری رکھی جائیں گی۔

تھانہ احمد یار کے سب انسپکٹر کا عدالت کا حکم نہ ماننے کا اقدام

متاثرہ خاندان نے پولیس کے خلاف انصاف کی اپیل کی، امجد اشرف



تھانہ احمد یار پولیس کے سب انسپکٹر کا عدالت کا حکم ماننے سے انکار عدالت سے ضمانت ہونے کے باوجود بجلی چوری کے کے ملزم کے گھر ریڈ سامان کی توڑ پھوڑ عورتوں کی تذلیل بچوں پر تشدد تفصیلات کے مطابق تھانہ احمد یار میں تعینات امجد اشرف نامی سب انسپکٹر نے دیگر اہلکاروں کے ہمراہ گزشتہ رات دیواریں پھلانگ کر محمد رشید چڑویا ساکن بیلی دلاور کے گھر ریڈ کیا عورتوں کی تذلیل بچوں پر تشدد سامان کی توڑ پھوڑ کی گئی متاثرہ خاندان نے پولیس ریجنل آفیسر ساہیوال ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر پاکپتن سے انصاف کی اپیل یاد رہے کہ مقامی پولیس تھانہ احمد یار نے 9/8 اگست کی درمیانی شب کو ریڈ کیا جبکہ اگلے روز متاثرہ خاندان کو کہا کہلوایا کہ ہم سے غلطی ہو گئی آپکا جو نقصان ہوا ہے وہ ہم آپکو واپس کرتے ہیں جولیت و لعل کے بعد اب انکاری ہو گئے ہیں اور کاروائی کرنے اور میڈیا پر آنے پر مدعی کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں۔

صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ نے متاثرہ شہری کی شکایت رجسٹرڈ کر لی

عطاء الرحمن خان کی نوکری کا تحریری تقرری آرڈر نہ ملنے پر قانونی ایکشن

صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ نے متاثرہ شہری کی شکایت پر قانونی ایکشن لیتے ہوئے متاثرہ شہری کی شکایت رجسٹرڈ کر لی جس کا (شکایت نمبر: 2026/0013463) جاری کر دیا۔ رپورٹ 11 سال 6 ماہ گزر جانے کے باوجود نوکری کا تحریری تقرری آرڈر نہ ملنے پر متاثرہ شہری نے چیف سیکرٹری سندھ / صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ / وزیر قانون سندھ سے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے 18 جون سن 2026 کو چیف سیکرٹری سندھ / صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ / کو تحریری تقرری آرڈر جاری کرنے کیلئے جنرل پوسٹ آفس حیدرآباد سے AD رجسٹرڈ ڈاک بھیجی تھی جس پر صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ نے متاثرہ شہری کی شکایت پر قانونی ایکشن لیتے ہوئے متاثرہ شہری کی شکایت رجسٹرڈ کر لی جس کا (شکایت نمبر: 2026/0013463) جاری کر دیا حیدرآباد کے رہائشی عطاء الرحمن خان ولد مرحوم عطاء الرحمن خان، رہائشی مکان نمبر 764 / A امانی شاہ کالونی، یونٹ 11، لطیف آباد حیدرآباد، نے مورخہ (05-01-2015) کو ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ (G O R) کالونی حیدرآباد میں اسسٹنٹ (BPS 14 / 16) کا انٹرویو دیا تھا جس کا سیٹ نمبر 331 میں کامیاب قرار پایا تھا وزیر اعظم سیکرٹریٹ پاکستان نے میری شکایت (C - S 709) تاریخ (26-01-2016) میں کیس نمبر (2387) مورخہ (26-01-2016) کو منظور کر کے چیف سیکرٹری سندھ کو تحریری تقرری آرڈر جاری کرنے کا حکم دیا تھا لیکن 11 سال 6 ماہ گزرنے کے باوجود تاحال تحریری اپوائنٹمنٹ آرڈر مورخہ (05-01-2015) سے اب تک جاری نہیں ہوا جب کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے فیصلہ مورخہ (12-03-2026) میں قرار دیا کہ 2013 سے 2018 تک منظور شدہ بھرتیاں منسوخ نہیں کی جا سکتیں اس کے باوجود مجھے انصاف سے محروم رکھا جا رہا ہے متاثرہ شہری کا کہنا ہے کہ میں نے (05-01-2021) کو صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ کو شکایت / App - WMS 0002742 / 20 / __ تاریخ 60 دن کی قانونی مدت کے باوجود 6 سال 5 ماہ گزر گئے، کوئی فیصلہ نہیں ہوا۔ (18-06-2026) کو متاثرہ شہری نے چیف سیکرٹری سندھ اور محتسب اعلیٰ سندھ کو رجسٹرڈ AD ڈاک بھیجی تھی جس پر صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ نے متاثرہ شہری کی شکایت پر قانونی ایکشن لیتے ہوئے متاثرہ شہری کی شکایت رجسٹرڈ کر لی جس کا (شکایت نمبر: 2026/0013463) جاری کر دیا گیا متاثرہ شہری عطاء الرحمن خان کا مطالبہ چیف سیکرٹری سندھ، صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ، وزیر اعلیٰ سندھ اور وزیر قانون سندھ سے مطالبہ کرتا ہوں کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 4، 25 اور سندھ سول سرونٹ رولز 1974 کے تحت 15 دن کے اندر تحریری تقرری آرڈر مورخہ (05-01-2015) سے جاری کیا جائے۔

ہارون آباد: حسام بلوچ کا تجاوزات کے خلاف شائستہ رویہ قابلِ تحسین

عوامی اعتماد بڑھانے میں حسام بلوچ کی مثبت کارروائی کی تعریف

ہارون آباد (محمد یاسین جویہ بیورو چیف) پیرا فورس کے نوجوان حسام بلوچ کا تجاوزات کے خلاف کارروائی میں شائستہ رویہ قابل تحسین محمد یاسین جویہ بیورو چیف وطن پاکستان روزنامہ اخبار لاہور ہارون آباد: پیرا فورس کے انویسٹیگیشن آفیسر حسام بلوچ نے آج فقیر والی میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران اپنی بہترین تربیت، خوش اخلاقی اور عوام سے حسنِ سلوک کی ایک خوبصورت مثال قائم کر دی۔ حسام بلوچ نے کارروائی کے دوران لوگوں سے سخت لہجے کے بجائے انتہائی تحمل، محبت اور احترام سے بات کی اور انہیں تجاوزات ختم کرنے کے لیے سمجھایا۔ ان کا نرم اور شائستہ رویہ اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ قانون پر عملدرآمد کرواتے ہوئے بھی عوام کی عزتِ نفس کا خیال بھی رکھا جا سکتا ہے۔ مقامی شہریوں نے پیرا فورس کے نوجوان افسر کے اس مثبت طرزِ عمل کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے بااخلاق اور تربیت یافتہ افسران نہ صرف ادارے کا وقار بلند کرتے ہیں بلکہ عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان اعتماد کو بھی مضبوط بناتے ہیں۔ حسام بلوچ کی فرض شناسی، بہترین اخلاق اور عوام سے محبت بھرا انداز یقیناً قابلِ تحسین ہے۔۔ محمد یاسین جویہ بیورو چیف وطن پاکستان روزنامہ لاہور۔

گورنمنٹ اسلامیہ گرلز ہائی سکول ڈسکہ کا خصوصی دورہ

ڈویژنل افسران نے سکول کی کارکردگی کو قابلِ تحسین قرار دیا

سیالکوٹ (شیخ ثاقب گلزار سے) ڈویژنل ڈائریکٹر سلطان احمد ہنجرا اور ایڈیشنل ڈائریکٹر گوجرانوالہ ڈویژن میڈم نزہت نے گورنمنٹ اسلامیہ گرلز ہائی سکول ڈسکہ کا خصوصی دورہ کیا۔ اس موقع پر سکول کی پرنسپل زینت فردوس اور تدریسی و انتظامی عملے نے معزز افسران کا استقبال کیا۔ دورے کے دوران ڈویژنل افسران نے سکول کے تعلیمی ماحول، انتظامی امور اور مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا اور پرنسپل زینت فردوس سمیت پوری سکول ٹیم کی محنت، لگن اور تعلیمی شعبے میں نمایاں کاوشوں کو سراہا۔ سلطان احمد ہنجرا اور میڈم نزہت نے سکول انتظامیہ اور اساتذہ کی کارکردگی کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی محنت اور خلوص ہی طالبات کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ انہوں نے پرنسپل زینت فردوس اور ان کی ٹیم کی خدمات کو سراہتے ہوئے مزید محنت اور جذبے کے ساتھ تعلیمی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کی حوصلہ افزائی کی۔ پرنسپل زینت فردوس نے ڈویژنل افسران کے دورے اور حوصلہ افزائی پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کی بہترین تربیت کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہے ہیں۔ دورے کے موقع پر سکول انتظامیہ اور اساتذہ نے افسران کی جانب سے کی جانے والی پذیرائی کو اپنے لیے باعثِ اعزاز قرار دیا۔ گورنمنٹ اسلامیہ گرلز ہائی سکول ڈسکہ کی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ طالبات کی تعلیمی و اخلاقی تربیت اور ادارے کی مزید بہتری کے لیے بھرپور کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

تنظیم سازی اور حکمتِ عملی پر اہم ملاقات کا انعقاد

پاکستان نظریاتی پارٹی کے عہدے داروں کی تفصیلی گفتگو ہوئی

پڈعیدن (عیش محمد چیف رپورٹر) کے مطابق تنظیم سازی اور تنظیمی حکمتِ عملی پر اہم ملاقات پاکستان نظریاتی پارٹی کے ڈویژن صدر احسن کھوکھر سے تحصیل صدر نوشہرو فیروز رانا فاروق علی نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پارٹی کی تنظیم سازی، تنظیمی امور اور آئندہ کی حکمتِ عملی کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر رانا فاروق علی نے سندھ کی روایتی ثقافت اجرک اور سندھی ٹوپی بطور تحفہ ڈویژن صدر احسن کھوکھر کو پیش کی۔ ملاقات میں پارٹی کو مزید مضبوط، منظم اور فعال بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

مرکزی میلاد کمیٹی و جماعت اہلسنت کا اہم اجلاس

ایس ایچ او آفتاب شبیر خان نے سکیورٹی کی یقین دہانی کرائی

بستی اللہ بخش (اسپیشل رپورٹر) اہم اجلاس مرکزی میلاد کمیٹی و جماعت اہلسنت میر ہزار خان 12 ربیع الاول کے پُرنور جلوس کے انتظامات، سکیورٹی اور امن و امان کے حوالے سے مرکزی میلاد کمیٹی و جماعت اہلسنت میر ہزار خان کی جانب سے ایس ایچ او تھانہ بیٹ میر ہزار خان جناب افتاب شبیر خاں سے اہم ملاقات و اجلاس ہوا۔ ایس ایچ او تھانہ بیٹ میر ہزار خان نے جلوس کے دوران فول پروف سکیورٹی، امن و امان اور ہر ممکن تعاون کے حوالے سے مکمل یقین دہانی کرائی۔ ماشاءاللہ، ایس ایچ او تھانہ بیٹ میر ہزار خان افتاب شبیر خان نہایت خوش اخلاق، مخلص اور فرض شناس آفیسر ہیں۔ اللہ پاک انہیں سلامت رکھے اور عوام و عاشقانِ رسول ﷺ کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ ان شاء اللہ 12 ربیع الاول کا جلوس پُرامن، باوقار اور شایانِ شان انداز میں منعقد ہو گا۔ اللہ پاک ہمارے شہر میں امن، محبت اور بھائی چارہ قائم رکھے۔ آمین یارب العالمین 🤲 💚 اس اجلاس میں مرکزی میلاد کمیٹی اور جماعت اہلسنت کے تمام ممبران اور عہدے داران نے شرکت کی۔ جس میں مرکزی میلاد کمیٹی کے صدر مہر محمد اسحاق سیال، علامہ غلام مصطفیٰ طارق سعیدی، مفتی محمد عارف فیضی، ماسٹر غلام فرید گوپانگ، علامہ ناصر حسین سعیدی، ارشاد احمد بھٹی، سید جاوید شاہ بخاری، محمد ندیم، ملک محبوب سعیدی، ملک کلیم اللہ سعیدی، اور تمام عہدیداران نے شرکت کی۔ اور مرکزی میلاد کمیٹی کے سب عہدیداروں نے میڈیا ایڈوائزر ملک بیدار فریدی کلو۔ سینئر صحافی سردار کلیم خاں لغاری سردار ضیاء الرحمن خاں لغاری۔ ملک انعام الحق کوریہ اور تمام احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ اپنا قیمتی وقت نکال کر حاضر ہوئے۔

گگو منڈی میں خاتون مزاحمت پر جاں بحق، ڈی پی او پہنچ گئے

مسلح ڈاکوؤں نے میاں بیوی سے نقدی چھینی، خاتون مریم ہلاک

گگو منڈی: (سٹی رپورٹر ثقلین فرید سے) گگو منڈی رابری، مزاحمت پر خاتون جاں بحق، ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال جائے وقوعہ پر پہنچ گئے گگو منڈی بیس لائن لنک روڈ پر مسلح ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل سوار میاں بیوی کو روک کر نقدی رقم چھین لی۔ مسلح ملزمان نے دورانِ مزاحمت خاتون مریم کے سر میں فائر مار دیا، جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی۔ واقع کی اطلاع پر ڈی پی او وہاڑی تصور اقبال خود موقع پر پہنچ گئے، جائے وقوعہ کا باریک بینی سے ملاحظہ اور تمام تفصیلات حاصل کیں ایس پی انویسٹی گیشن محمد عثمان وڑائچ، ایس ڈی پی او بوریوالا رانا محمد عمران ٹیپو، ایکٹنگ ایس ایچ او گگو محمد جاوید، ایس ایچ او شیخ فاضل یاسر نواز اور ایس ایچ او ساہو کا حسنین عباس بھی موقع پر موجود۔ ملزمان کی گرفتاری کی علاقہ میں ناکہ بندی اور سرچ آپریشن جاری، فرانزک کی ٹیمیں موقع سے شواہد اکٹھے کرنے میں مصروف عمل، ملزمان کو ٹریس اور گرفتار کرنے کے لیے آئی ٹی اور پولیس کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں، شہریوں کے جان و مال اور عزت کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے سفاک ملزمان قانون کی گرفت سے کسی صورت نہیں بچ سکتے۔ تمام ہمدردیاں متاثرہ فیملی کے ساتھ ہیں۔ تصور اقبال ڈی پی او وہاڑی۔

ڈکیتی کے دوران شہری کے قتل میں ملزم سی سی ڈی مقابلے میں ہلاک

مرکزی ملزم حسن شاہ پولیس مقابلے میں مارا گیا، عوام نے خراج تحسین پیش کیا

سرگودھا (آصف اقبال ندیم سے) ڈکیتی کے دوران شہری کے قتل میں ملوث مرکزی ملزم سی سی ڈی مقابلے میں ہلاک فروکہ ساہیوال روڈ اعوانوالی نہر پل پر ڈکیتی کی واردات کے دوران ودھوالا کے رہائشی عرفان کھوکھر کو قتل اور اس کے کزن سکندر کھوکھر کو زخمی کرنے میں ملوث مرکزی ملزم حسن شاہ گزشتہ رات سی سی ڈی (کاؤنٹر کرائم ڈیپارٹمنٹ) کے ساتھ پولیس مقابلے میں مارا گیا۔ ذرائع کے مطابق چک 92 موڑ کا رہائشی مرکزی ملزم حسن شاہ کوٹ موسیٰ خان (مچھر کھادی) کے قریب مقابلے کے دوران اپنے انجام کو پہنچا، جبکہ اس کے دیگر دو ساتھی عرفان مسکین اور شہباز جٹ پہلے سے ہی سرگودھا جیل میں قید ہیں۔ سی سی ڈی انچارج سلانوالی و ساہیوال ملک نواز اعوان اور ان کی ٹیم نے بہترین کارروائی کرتے ہوئے خطرناک ڈاکو کو منطقی انجام تک پہنچایا، جس پر علاقہ بھر کی عوامی و سماجی سوسائٹی نے سی سی ڈی انچارج ملک نواز اعوان اور ان کی ٹیم کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

بھکر پولیس کا گندم کی غیر قانونی ترسیل کے خلاف کریک ڈاؤن

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شہزاد رفیق اعوان کے احکامات پر کارروائی

بھکر (مہر شعیب محمد) گندم کی غیر قانونی ترسیل کے خلاف بھکر پولیس کا زبردست کریک ڈاؤن جاری ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بھکر شہزاد رفیق اعوان کے احکامات پر بھکر پولیس نے گندم کی غیر قانونی ترسیل کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 300 گٹو گندم سے لدی ٹریکٹر ٹرالی قبضہ میں لے لی۔ انچارج ریورائن چیک پوسٹ بھری نواب سب انسپکٹر ڈاکٹر محمد اکرام معہ پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے گندم سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی کو روک کر پولیس تحویل میں لے لیا، جو غیر قانونی طور پر صوبہ پنجاب سے صوبہ خیبر پختونخوا منتقل کی جا رہی تھی۔ پولیس نے قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد برآمد شدہ گندم فوڈ ڈیپارٹمنٹ کے حوالے کر دی۔ بھکر پولیس کی گندم کی غیر قانونی ترسیل اور اسمگلنگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی جاری ہے۔

اسلام آباد ہائیکورٹ میں سزا معطلی کی ساعت 17 ستمبر تک ملتوی

سپریم کورٹ نے سزا معطلی پر فیصلے کا حکم دیا، فیصل صدیقی

عارف والا (رپورٹر اورنگزیب موہلہ) نائب صدر قائد اعظم میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارف والا۔ ذرائع سپریم کورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کی اپیلوں پر ساعت اسلام آباد ہائیکورٹ میں چھٹیاں کب تک ہیں؟ جسٹس نعیم اختر افغان اسلام آباد ہائیکورٹ 6 ستمبر سے باضابطہ کام کا آغاز کرے گی، ایڈیشنل اٹارنی جنرل سزا معطلی کی اپیلیں قابل ساعت نہیں ہیں، ایڈیشنل اٹارنی جنرل ناقابل ساعت ہونے کا قانون میں کہاں لکھا ہوا ہے؟ جسٹس اشتیاق ابراہیم سپریم کورٹ نے دو ہفتے میں سزا معطلی پر فیصلے کا حکم دیا تھا، وکیل فیصل صدیقی سپریم کورٹ کے حکم پر عملدرآمد نہیں کیا گیا، فیصل صدیقی اسلام آباد ہائی کورٹ کا اپنا سسٹم ہے اس کے مطابق مقدمات لگتے ہیں، ایڈیشنل اٹارنی جنرل اسلام آباد ہائی کورٹ کے سسٹم پر ہم سے کوئی رائے نہ ہی لیں تو بہتر ہے، جسٹس نعیم اختر افغان اسلام آباد ہائیکورٹ میں اچانک 8 ستمبر کیلئے کیس مقرر ہو گیا ہے، فیصل صدیقی جب بھی سپریم کورٹ فیصلہ کرنے لگتی ہے ہائیکورٹ میں کیس لگ جاتا ہے، فیصل صدیقی فیصل صدیقی صاحب سسٹم کو پورا ایکسپوز ہونا دیں، جسٹس نعیم اختر افغان ابھی کاز لسٹ نہیں آئی ایسا نہ ہو سسٹم سے کیس غائب ہو جائے، فیصل صدیقی سسٹم سے کیس غائب ہو سکتا ہے ہم نہیں، جسٹس نعیم اختر افغان پریشان نہ ہوں ہم یہاں موجود ہیں بشرط زندگی آئندہ بھی ہونگے، جسٹس نعیم افغان سزا معطلی پر فیصلہ کرنے کا ہی کہا گیا ہے عدالت خارج بھی کر سکتی ہے، جسٹس اشتیاق ابراہیم عدالت نے مزید ساعت 17 ستمبر تک ملتوی کر دی آئندہ ساعت پر یا ہم فیصلہ کر رہے ہونگے یا درخواست گزار کیس واپس لے رہے ہونگے، جسٹس نعیم اختر افغان۔

پتنگ بازی کے خطرات، زندگیوں کو خطرے میں نہ ڈالیں

پاکپتن میں پتنگ بازی کی نگرانی، سخت قانونی کارروائی جاری ہے

پاکپتن (منیب احمد ڈپٹی بیورو چیف) پتنگ کا شوق، کسی کی زندگی کا نقصان نہ بنے خطرناک ڈور کے ذریعے پتنگ بازی موٹر سائیکل سواروں، راہگیروں اور بچوں کی زندگیوں کے لیے سنگین خطرہ بن سکتی ہے۔ چند لمحوں کی تفریح کی خاطر کسی کی جان کو خطرے میں نہ ڈالیں۔ پاکپتن پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی اور پنجاب پولیس کی جانب سے پاکپتن میں ڈرون سرویلنس کے ذریعے پتنگ بازی کی نگرانی کی جا رہی ہے، جبکہ پتنگ بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی اور قانون کے مطابق سزا عمل میں لائی جائے گی۔ عوام سے اپیل ہے کہ پتنگ بازی اور خطرناک ڈور کے استعمال سے مکمل اجتناب کریں اور کسی بھی خلاف ورزی کی اطلاع فوری طور پر 15 پر دیں۔ پتنگ اُڑانے سے پہلے سوچیں — آپ کا شوق کسی کی زندگی نہ چھین لے۔ منیب احمد ڈپٹی بیورو چیف پاکپتن۔

امید کا چراغ

امید کا چراغ آئینۂ فکر تحریر: پروفیسر حمزہ اعظم راجپوت کالم نگار و رپورٹر، حافظ آباد جوانی زندگی کا وہ خوبصورت دور ہے جہاں آنکھوں میں خواب، دل میں امید اور کچھ کر گزرنے کا جذبہ موجود ہوتا ہے۔ مگر افسوس کہ آج بہت سے نوجوان ذہنی دباؤ، تعلیمی پریشانی، معاشی بے یقینی، رشتوں کے مسائل اور مستقبل کے خوف میں گھرے ہوئے ہیں۔ جب کسی نوجوان کی زندگی مایوسی کی تاریکی میں گم ہونے کی خبر سامنے آتی ہے تو یہ صرف ایک خاندان کا دکھ نہیں ہوتا، بلکہ پورے معاشرے کے لیے ایک سنجیدہ سوال بن جاتا ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو کس قدر سن رہے ہیں اور ان کا ساتھ دے رہے ہیں؟ نوجوانوں کی ذہنی مشکلات کو محض کمزوری یا ایمان کی کمی قرار دینا مسئلے کا حل نہیں۔ آج کا نوجوان کئی طرح کے دباؤ کا سامنا کر رہا ہے۔ تعلیمی نظام میں کامیابی کو صرف نمبروں سے ناپنے کا رجحان، روزگار کے محدود مواقع، معاشی مشکلات اور سوشل میڈیا پر دوسروں کی زندگیوں سے غیر حقیقی موازنہ، نوجوان ذہنوں پر گہرا اثر ڈال سکتے ہیں۔ سب سے تشویش ناک بات یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں ذہنی صحت پر گفتگو اب بھی کئی جگہ ایک معیوب موضوع سمجھی جاتی ہے، حالانکہ ذہنی سکون بھی اتنا ہی اہم ہے جتنا جسمانی صحت۔ ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ہر مسکراتا ہوا چہرہ لازماً اندر سے مطمئن نہیں ہوتا۔ بعض اوقات انسان اپنے مسائل چھپا کر بھی معمول کی زندگی گزارتا رہتا ہے۔ ایسے میں والدین، اساتذہ، دوستوں اور معاشرے کا فرض ہے کہ وہ نوجوانوں کو صرف نصیحت نہ کریں بلکہ انہیں توجہ سے سنیں، ان کے احساسات کو اہمیت دیں اور مشکل وقت میں ان کے ساتھ کھڑے ہوں۔ بچوں اور نوجوانوں کو یہ احساس دلانا ضروری ہے کہ ناکامی زندگی کا اختتام نہیں، بلکہ سیکھنے اور دوبارہ کوشش کرنے کا ایک موقع ہے۔ امتحان میں کم نمبر، کاروباری نقصان، بے روزگاری، کسی تعلق کا ختم ہونا یا زندگی کا کوئی مشکل مرحلہ انسان کی پوری زندگی کی قیمت طے نہیں کرتا۔ حالات بدل سکتے ہیں، راستے دوبارہ بن سکتے ہیں اور امید ہمیشہ ایک نئی صبح کا دروازہ کھول سکتی ہے۔ اگر کوئی نوجوان شدید ذہنی دباؤ یا مایوسی محسوس کر رہا ہو تو اسے خاموش رہنے کے بجائے کسی قابلِ اعتماد فرد، والدین، استاد یا ذہنی صحت کے ماہر سے بات کرنی چاہیے۔ مدد طلب کرنا کمزوری نہیں بلکہ اپنی زندگی اور مستقبل کی حفاظت کی ایک مثبت کوشش ہے۔ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں نوجوان اپنے مسائل بیان کرنے سے خوفزدہ نہ ہوں، جہاں انہیں طعنوں کے بجائے سمجھنے والا دل ملے، اور جہاں مشکل وقت میں انہیں تنہا نہ چھوڑا جائے۔ ایک نرم لفظ، چند لمحوں کی توجہ اور خلوص سے کی گئی گفتگو کبھی کبھی کسی انسان کے لیے امید کا دروازہ بن سکتی ہے۔ آیئے اپنے ارد گرد کے نوجوانوں کے لیے امید کے چراغ روشن کریں۔ انہیں بتائیں کہ مشکلات عارضی ہوتی ہیں، زندگی قیمتی ہے اور ہر اندھیری رات کے بعد ایک نئی صبح ضرور آتی ہے۔

اورنگی ٹاؤن میں شناختی کارڈ کے نام پر دھوکہ بازی کا انکشاف

متاثرہ شہری کی رقم کی واپسی کے لیے تحقیقات کا مطالبہ، جعفر عالم

کراچی (رپورٹ معراج بخش): اورنگی ٹاؤن گلشن بہار میں شہری سے مبینہ طور پر شناختی کارڈ (CNIC) بنوانے کے نام پر لاکھوں روپے ہتھیانے کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ شہری طاہر نے الزام عائد کیا ہے کہ شاہنواز اور محمد محبوب عالم نے خود کو نادرا کا اہلکار ظاہر کرتے ہوئے شناختی کارڈ بنوانے کے نام پر ان سے رقم وصول کی۔ جعفر عالم کے مطابق محمد محبوب عالم نے دو ماہ بعد رقم کی واپسی کے لیے 50 ہزار روپے کا چیک دیا، تاہم مذکورہ چیک مبینہ طور پر باؤنس ہو گیا، جبکہ رقم لینے کے بعد محمد محبوب عالم مبینہ طور پر روپوش ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق معاملے میں محمد محبوب عالم کے بڑے بھائی سمیت ایک مبینہ نیٹ ورک کے ملوث ہونے کے امکانات بھی ظاہر کیے جا رہے ہیں، تاہم ان الزامات کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ دوسری جانب اورنگی ٹاؤن گلشن بہار میں شاہنواز نامی شخص پر بھی طاہر نامی شہری کے 50 ہزار روپے ہڑپ کرنے کا الزام سامنے آیا ہے۔ اس معاملے کی بھی قانونی حیثیت اور حقائق متعلقہ اداروں کی تحقیقات کے بعد ہی واضح ہو سکیں گے۔ متاثرہ شہری جعفر عالم نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی، ایس ایس پی ویسٹ اور ایس ایچ او تھانہ پاکستان بازار سے مطالبہ کیا ہے کہ محمد محبوب عالم، اس کے مبینہ ساتھیوں اور ممکنہ نیٹ ورک کے خلاف فوری تحقیقات کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور متاثرہ شہری کی رقم واپس دلائی جائے۔

صفدر آباد میں عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس 12 ربیع الاول کو

نائبینِ حضور کی خصوصی شرکت سے جلوس کا انعقاد ہو گا

صفدر آباد (رپورٹ: انجینئر عثمان صحافی) 12 ربیع الاول 2026 کو صفدر آباد میں مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ "مرکزی سالانہ جلوسِ جشنِ عید میلاد النبی ﷺ" کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ مبارک جلوس صبح 8:00 بجے جامع مسجد خالقیہ سے روانہ ہو گا اور اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا جامع مسجد قیوم میں اختتام پذیر ہو گا۔ خصوصی آمد و دعا: جلوس میں نائبینِ حضور زبدۃ السالکین پیر سید محمد حبیب السنوری قادری کی خصوصی شرکت اور دعا ہو گی۔ خطباء و علمائے کرام: اس روحانی اجتماع میں نامور علمائے کرام اور مقررین خطاب کریں گے، جن میں درج ذیل شخصیات شامل ہیں: علامہ پیر سید شاہد حسین شاہ گیلانی حضرت مولانا احمد حسین رضوی الحاج قاری محمد عبدالغفار سیالوی جناب الحاج محمد رفیق قادری ثنا خوانِ مصطفیٰ (نعت خواں): بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کرنے کے لیے معروف ثناخوانِ مصطفیٰ فضاؤں کو معطر کریں گے: جناب محمد آصف چشتی جناب الحاج محمد شہزاد حنیف مدنی الحاج قاری محمد رفیق ڈوگر جناب فیض الرسول قادری جناب وسیم الحسن بخاری تلاوتِ قرآنِ پاک: محفل میں تلاوتِ کلامِ پاک کی سعادت حاصل کرنے والے قراء کرام: قاری حافظ احمد حسن قادری قاری محمد ازہر اہرار قاری محمد جمیل قاری محمد رفیق نقشبندی منتظمین و داعیان: اس عظمت والے جلوس کا اہتمام مقامی علماءِ کرام صفدر آباد، مرکزی میلاد کمیٹی سٹی صفدر آباد اور یوتھ مرکزی میلاد کمیٹی صفدر آباد کے زیرِ اہتمام کیا گیا ہے۔

پولیس اور انجمن تاجران کا امن و امان کے قیام پر اجلاس

تاجروں کے مسائل حل کرنے کے لیے مشترکہ عزم کا اظہار

بستی اللہ بخش (اسپیشل رپورٹر) پولیس اور انجمن تاجران میر ہزار خان کا اہم اجلاس۔ تاجروں کے مسائل کے حل، امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے مشترکہ عزم میر ہزار خان: شہر میں امن و امان کے قیام، تاجر برادری کے مسائل کے حل، کاروباری مراکز کے تحفظ اور جرائم کی مؤثر روک تھام کے حوالے سے انجمن تاجران میر ہزار خان کے دفتر میں ایک اہم اور مفید اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس ایچ او تھانہ میر ہزار خان آفتاب شبیر صاحب اور سیکیورٹی انچارج محمد قاسم خان نے شرکت کی، جبکہ انجمن تاجران میر ہزار خان کے صدر سردار عطا اللہ خان لغاری سمیت مرکزی عہدیداران، تاجران، صحافیوں اور معززینِ علاقہ نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد پولیس اور تاجر برادری کے درمیان باہمی رابطے کو مزید مضبوط بنانا، تاجروں کو درپیش مسائل سننا، بازاروں میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لینا اور چوری، ڈکیتی سمیت دیگر جرائم کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات پر غور کرنا تھا۔ اس موقع پر دکانداروں اور انجمن تاجران کے نمائندگان نے اپنے مختلف مسائل، مشکلات اور تحفظات سے ایس ایچ او آفتاب شبیر صاحب کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ ایس ایچ او تھانہ میر ہزار خان آفتاب شبیر صاحب نے تاجروں کی گفتگو کو نہایت توجہ اور سنجیدگی سے سنا اور یقین دلایا کہ شہریوں اور تاجر برادری کے جائز مسائل کے حل کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری، فرض شناسی اور خلوصِ نیت سے ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور عوام ایک دوسرے کے معاون ہیں اور جرائم کے خاتمے کے لیے دونوں کے درمیان اعتماد، رابطے اور تعاون کا مضبوط ہونا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے بالخصوص موبائل شاپس کے مالکان کو خصوصی پیغام دیتے ہوئے کہا کہ اگر کسی دکان پر ایسا موبائل فون آئے جس کے بارے میں چوری شدہ یا مشکوک ہونے کا شبہ ہو تو اسے معمولی معاملہ سمجھنے کے بجائے فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی جائے۔ چوری شدہ موبائل فونز کی خرید و فروخت یا ان کی مشکوک سرگرمیوں سے متعلق بروقت اطلاع پولیس کو جرائم پیشہ عناصر تک پہنچنے میں اہم مدد فراہم کر سکتی ہے۔ انہوں نے موبائل شاپ مالکان پر زور دیا کہ وہ کاروباری ذمہ داری کے ساتھ ساتھ شہری ذمہ داری کا بھی مظاہرہ کریں۔ اجلاس میں ٹھیکری پہرے کے نظام کو مزید منظم، فعال اور مؤثر بنانے پر بھی خصوصی گفتگو ہوئی۔ شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ رات کے اوقات میں بازاروں اور اہم مقامات کی نگرانی بہتر بنانے سے چوری اور دیگر وارداتوں کے امکانات کو کم کیا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں پولیس اور انجمن تاجران کے درمیان باہمی رابطہ مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا تاکہ کسی بھی مشکوک سرگرمی یا ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی ممکن ہو سکے۔ ایس ایچ او آفتاب شبیر صاحب نے واضح کیا کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اور شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کا مقصد صرف جرائم کے بعد کارروائی کرنا نہیں بلکہ جرائم کے امکانات کو پہلے ہی کم کرنا اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا بھی ہے۔ اس مقصد کے لیے بازاروں، کاروباری مراکز اور آبادی میں مؤثر نگرانی، بروقت اطلاع اور عوامی تعاون انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے شہر میں منشیات، نشہ آور اشیاء اور دیگر سماجی برائیوں کے خلاف بھی بھرپور کارروائی کی ضرورت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ منشیات صرف ایک فرد کو نقصان نہیں پہنچاتیں بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کے مستقبل کو متاثر کرتی ہیں۔ نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنا پولیس، والدین، اساتذہ، تاجروں، علماء، سیاسی و سماجی شخصیات اور ہر ذمہ دار شہری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس حوالے سے عوام کو چاہیے کہ وہ اپنے ارد گرد ہونے والی مشکوک سرگرمیوں سے پولیس کو آگاہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کے ساتھ تعاون ایک عظیم شہری کی بہترین مثال ہے۔ اگر شہری بروقت اطلاع دیں، تاجر مشکوک افراد اور سامان کے بارے میں پولیس کو آگاہ کریں، ٹھیکری پہرے کا نظام مضبوط ہو اور پولیس فوری کارروائی کرے تو جرائم پر قابو پانے میں نمایاں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے۔ انجمن تاجران میر ہزار خان کے صدر سردار عطا اللہ خان لغاری اور دیگر عہدیداران نے پولیس افسران کی انجمن تاجران کے دفتر آمد اور تاجروں کے مسائل سننے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری ہمیشہ امن و امان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی اپنا مثبت کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ پولیس اور انجمن تاجران کے درمیان باہمی رابطے کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ شرکاء اجلاس نے اس امر پر بھی زور دیا کہ میر ہزار خان ایک پُرامن اور محبت کرنے والا شہر ہے جہاں شہری، تاجر، سیاسی و سماجی شخصیات اور مختلف طبقات باہمی احترام اور بھائی چارے کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں۔ ایسے میں ہر شخص کی ذمہ داری ہے کہ وہ شہر کے امن کو برقرار رکھنے میں اپنا کردار ادا کرے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کو نظر انداز کرنے کے بجائے متعلقہ اداروں تک اطلاع پہنچائے۔ اجلاس میں مرکزی صدر سردار ڈاکٹر عطا خان لغاری، ڈاکٹر محمد یامین کپاہی نائب صدر، سردار محمد اصغر خان لغاری، سردار ضیاء الرحمن خان لغاری سینئر صحافی۔ فاروق احمد خان لغاری صدر میر ہزار خان پریس کلب، ملک بیدار فریدی کلو سرائیکی شاعر و صحافی، معین خان لغاری، نعیم ظفر خان لغاری، ملک تنویر ببر، محمد شاہد عطاری، ڈاکٹر عبدالجبار خان لغاری، ملک انعام الحق کوریہ، امتیاز احمد خان لغاری۔ مدثر انعام کوریہ سمیت دیگر معززین، تاجر برادری اور احباب نے شرکت کی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پولیس، انجمن تاجران اور شہری باہمی اعتماد اور تعاون کے ساتھ میر ہزار خان کو مزید محفوظ، پُرامن اور جرائم سے پاک بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ، تاجروں کے کاروبار کی حفاظت، چوری و ڈکیتی کی روک تھام، منشیات کے خلاف مؤثر اقدامات اور شہر میں قانون کی بالادستی ہر ذمہ دار ادارے اور شہری کی مشترکہ ترجیح ہونی چاہیے۔ یہ اجلاس اس بات کا خوبصورت اظہار بھی ہے کہ جب پولیس اور عوام ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوں تو جرائم کے خلاف جنگ مزید مضبوط ہو جاتی ہے، اعتماد بڑھتا ہے اور معاشرے میں امن و سکون کی فضا پروان چڑھتی ہے۔ میر ہزار خان کی تاجر برادری اور پولیس کے درمیان یہ مثبت رابطہ یقیناً شہر کے بہتر، محفوظ اور روشن مستقبل کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

بقیہ 1

پاس سڑک کی تعمیر و بحالی پر اظہار تشکر کیا اور شہریوں کیلئے الیکٹرو بس کے آغاز پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ارکان صوبائی اسمبلی کو عوام سے بھر پور رابطوں کی ہدایت کی اور کہا کہ پنجاب میں عوامی پراجیکٹس کی تکمیل کیلئے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ کام کرنا چاہتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پہلی بار صوبے کے تمام شہروں اور دیہات کو یکساں طور پر ستھرا پنجاب کے ذریعے کلین کیا جا رہا ہے۔ پنجاب کے عوام کی معیار زندگی میں بہتری کی خبریں سن کر دل کو بہت سکون ملتا ہے۔ پہلی بار لاہور اور پسماندہ شہروں کا فرق ختم، ہر شہر ہر گاؤں میں الیکٹرو بس چلا رہے ہیں۔ ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا کہ الیکٹرو بسیں جنرل بس اسٹینڈ سے اختر آباد، کرمانوالہ، اڈہ کسان اور اوکاڑہ یونیورسٹی تک رواں دواں ہیں۔ الیکٹرو بس پر طلبہ، خواتین اور بزرگوں کے لئے مفت سفر کی سہولت قابل تحسین ہے۔ سیف سٹی اور پولیس کی بدولت پنجاب میں جرائم کی شرح بتدریج کم ہو رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب بہتر سے بہترین کی جانب بڑھ رہا ہے۔ الیکٹرو بس، اپنی چھت، اپنا گھر، کسان کارڈ عوام میں مقبول پراجیکٹس ہیں۔

بقیہ 2

دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دی جانے والی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے بیان میں کہا کہ بہادر جوانوں نے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا کر قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دی جانے والی لازوال قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دفاع، امن اور سلامتی کے تحفظ کے لیے پوری قوم اپنی فورسز کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کامیاب کارروائیاں قومی عزم اور فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہیں اور فتن الہندوستان کے مکمل خاتمے تک یہ جنگ اسی جذبے سے جاری رہے گی۔

بقیہ 3

شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی دہشتگرد کلبھوشن یادیو بلوچستان میں کیا کر رہا تھا، دہشتگردی پھیلانے اور بلوچستان کا امن تباہ کرنے میں بھارت کا ہاتھ ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ بھارت نے آج تک پاکستان پر صرف بے بنیاد الزامات لگائے ہیں، آج تک کوئی ثبوت پیش نہیں کر سکا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے ثبوت بھارت کے سامنے پیش کیے ہیں، بھارتی دہشتگرد کلبھوشن یادیو بلوچستان میں کیا کر رہا تھا، دہشتگردی پھیلانے اور بلوچستان کا امن تباہ کرنے میں بھارت کا ہاتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی وزیر داخلہ کے پاکستان پر دہشتگردی کے الزامات بے بنیاد اور پاکستان کو بدنام کرنے کی ایک اور کوشش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت بیرون ملک دہشتگردی برآمد اور دہشتگردوں کی معاونت کر رہا ہے، بھارت کے بے بنیاد الزامات عالمی برادری کی توجہ ریاستی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی سے نہیں ہٹا سکتے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی وزیر داخلہ کے الزامات پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا اور بے بنیاد دعوؤں کا تسلسل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا نے دیکھا کہ معرکہ حق میں بھارت کے ساتھ کیا ہوا، بھارت جھوٹی ڈاکومنٹری بنا کر اپنی شکست کو نہیں چھپا سکتا، پاکستان کے ہاتھوں ہونے والی بدترین شکست کو چھپانے کے لیے مودی سرکار ایک بار پھر جھوٹے الزامات کا کھیل کھیلنے لگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اب ایک عالمی دہشتگرد بن چکا ہے۔

بقیہ 4

بارے سپریم کورٹ کے فیصلے کو شاندار اور تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے عوام میں پائی جانے والی سیاسی بے چینی کا خاتمہ ہوگا۔ اپنے ویڈیو بیان میں شیخ رشید احمد نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے لوگوں کو احساس ہوا ہے کہ عدالتیں ابھی زندہ ہیں، قوم جسٹس شاہد وحید کے فیصلے کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ کا فیصلہ عدلیہ کی آزادی کے حوالے سے اہم ہے اور اس سے عدلیہ اور جسٹس شاہد وحید کے بنچ کا پرچم بلند ہوا ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ فیصلے کے نتیجے میں جیلوں میں قید بے گناہ افراد کو رہائی اور سہولتیں ملیں گی، آج کے فیصلے سے عدلیہ کی آزادی میں اضافہ ہوا ہے اور اسے چار چاند لگ گئے ہیں۔

بقیہ 5

(ن) کے سینیٹر ناصر بٹ کے بیان پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کا عمران خان کو اڈیالہ جیل سے شفاء ہسپتال منتقلی پر پہلا ردعمل آ گیا ہے۔ اب یہ یک زبان شروع ہوں گے کہ ہمیں کیوں نکالا؟۔ یہ ردعمل انہوں نے سینیٹر ناصر بٹ کی میڈیا سے گفتگو کی ایکس پر ویڈیو جاری کرتے ہوئے جاری کیا۔

بقیہ 6

عدالتی حکم کا جائزہ لیا گیا ہے اور فیصلے پر نظرثانی کے لیے سپریم کورٹ سے رجوع کریں گے۔ بانی پی ٹی آئی کے کیس کے حوالے سے عدالتی سماعت پر اہم گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عدالتی حکم نامے کے دیگر نکات پر بھی مشاورت کی گئی ہے۔ وزیر قانون نے سوال اٹھایا کہ کیا سپریم کورٹ کا یہ حکم تمام قیدیوں کے لیے ہوگا؟۔ انہوں نے کہا کہ جیلوں میں بہت سے قیدی ہیں جنہیں صحت کے مسائل کا سامنا ہے، جبکہ سزا یافتہ قیدیوں کو سرکاری ہسپتالوں میں علاج کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

بقیہ 7

پاکستان میں روس کے سفیر البرٹ خوروف نے منگل کو یہاں ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم نے پاکستان اور روس کے باہمی تعلقات میں مثبت پیش رفت کو سراہتے ہوئے اہم شعبوں میں مسلسل تعاون اور اعلیٰ سطح کے روابط کے تسلسل کی اہمیت پر زور دیا تاکہ پاک-روس تعلقات کو مزید مضبوط بنایا جاسکے۔ ملاقات میں علاقائی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کا مستقل موقف ہے کہ اختلافات کے حل اور علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے بات چیت اور سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہیں۔

بقیہ 8

باہر پرامن ماحول رکھا جائے، عدالتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے میں تعاون کیا جائے، کروڑوں پاکستانی کئی ہفتوں سے بانی پی ٹی آئی کی صحت پر تشویش کا اظہار کر رہے تھے۔ بیان میں کہا گیا کہ عدالت عظمیٰ کے حکم سے بہترین طبی سہولیات کے مطالبے کو تقویت ملی، توقع ہے کہ متعلقہ حکام عدالتی احکامات پر من وعن عمل کریں گے، ذاتی معالج اور اہل خانہ کی شمولیت سے طبی تاریخ کا غیر جانبدارانہ جائزہ ممکن ہوگا، پی ٹی آئی نے عدالتی حکم پر فوری اور بلا تاخیر عملدرآمد کا مطالبہ کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے مطابق سپریم کورٹ کے حکم کی روشنی میں بانی پی ٹی آئی کی اہل خانہ سے ملاقات یقینی بنائی جائے، مشکل وقت میں قانونی اور انسانی حقوق کا مکمل پاس رکھا جائے۔ پی ٹی آئی نے بانی پی ٹی آئی کے بنیادی حق صحت اور انسانی وقار کے تحفظ کو سراہا، اس کے علاوہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم بھی کیا۔ بیان کہا گیا کہ سپریم کورٹ کا حکم ہے کہ عمران خان کو فوری شفاء انٹرنیشنل منتقل کیا جائے، عدالت نے ماہر ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل بورڈ بنانے کا بھی حکم دیا ہے، بانی پی ٹی آئی کے مکمل طبی معائنے کیلئے آنکھ، دل اور دیگر امراض کے ماہرین شامل ہوں گے، میڈیکل بورڈ میں ڈاکٹر فیصل سلطان اور ڈاکٹر عظمیٰ خان کی شمولیت یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 9

انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، جہاں دہشت گردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لے کر موثر انداز میں نشانہ بنایا جس میں 8 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ ذرائع نے بتایا کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو بھی تباہ کر دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع سوراب کے علاقے حاجیکہ گاؤں میں کامیاب آپریشن کے دوران ایک دہشتگرد جہنم واصل ہوا، سکیورٹی فورسز نے دشت کنائی اور حاجیکہ کے درمیان موثر ناکہ بندی قائم کی اور دہشت گردوں کی نقل و حرکت کا سراغ لگایا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم، واکی ٹاکی، موٹر سائیکل اور دیگر سامان برآمد کر لیا گیا ہے۔ سکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور دیرپا امن کے قیام تک بلاتعطل اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم پر قائم ہیں

بقیہ 10

مثبت موڑ اور بڑھتی ہوئی پیشرفت کو سراہا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اہم اور کلیدی شعبوں میں تعاون کے فروغ کے ساتھ ساتھ اعلیٰ سطحی رابطوں اور ملاقاتوں کے تسلسل کی اہمیت پر خصوصی زور دیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم نے پاکستان کے اس دیرینہ اور اصولی موقف کا اعادہ کیا کہ تنازعات کے حل، اختلافات کو دور کرنے اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے فروغ کے لیے صرف مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد حل ہیں۔

بقیہ 11

وزیراعظم آفس (پبلک) کی جانب سے منگل کو جاری نوٹیفکیشن کے مطابق سید علی رضا کی اعزازی طور پر تقرری کا اطلاق آئندہ احکامات تک فوری طور پر ہوگا۔ واضح رہے کہ سید علی رضا اس سے قبل چیف منسٹر آفس پنجاب میں لیگل ایڈوائزر کے عہدے پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ سید علی رضا نے نیشنل یونیورسٹی آف سنگاپور اور سٹینفورڈ یونیورسٹی سے گریجویشن کی ہے۔

بقیہ 12

نے میانوالی میں شہید کے گھر جا کر ان کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر انہوں نے شہید میجر احسان کے والد سے ملاقات کی اور ان کے بلند حوصلے اور حب الوطنی کے بے مثال جذبے کو خراج تحسین پیش کیا۔ محسن نقوی نے شہید کے بچوں سے بھی خصوصی شفقت کا اظہار کیا اور انہیں گلے لگا کر دلاسہ دیا۔ اہل خانہ سے گفتگو اور میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے مادر وطن کے دفاع کے لیے دی گئی قربانیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ شہید میجر احسان کا عزم اور جذبہ ہی ہماری قوم کی اصل قوت ہے، شہید میجر احسان سمیت ہمارے تمام شہداء کے خون کا ایک ایک قطرہ اس وطن کے تحفظ اور بقا کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میجر احسان نے مادر وطن کی خاطر اپنی قیمتی جان کا نذرانہ پیش کر کے شہادت کا وہ بلند رتبہ پایا ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی خاطر جان نچھاور کرنے والے شہید میجر احسان ہمیشہ ہمارے دلوں اور تاریخ میں زندہ رہیں گے۔

بقیہ 13

وزیراعظم نے ہدایت کی کہ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے تحت نوجوانوں کو روزگار کے مواقع مہیا کرنے کے لیے مربوط اور موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں، نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کی عمل درآمد پر پیش رفت جائزہ اجلاس ہر ماہ ہوگا، ملک کے ہنر مند اور باصلاحیت نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کی طرف سے ملک کی پہلی نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کا اجرا ہماری پرخلوص کاوشوں کا عکاس ہے، نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے تحت اقدامات کے لئے بین الوزارتی تعاون اور جامع حکمت عملی ناگزیر ہے، قوم کے نوجوانوں بالخصوص خواتین کے روزگار کے نئے مواقعوں میں شمولیت یقینی بنانے کے لئے ان کو ہنر مند بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے تحت ملک کے طول و عرض بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہے، ملک کی ہنر مند افرادی قوت کو اندرون و بیرون ملک کاروباری و صنعتی طلب کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لئے نیوٹیک اور سمیڈا میں ادارہ جاتی اصلاحات کی گئی ہیں۔ وزیراعظم نے اس پالیسی کی بدولت نوجوانوں کو حاصل ہونے والے فوائد کے حوالے سے آگاہی مہم کی ہدایات جاری کیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن افرادی قوت کے لئے خصوصی طور پر بین الاقوامی سرٹیفکیشن اور مطلوبہ زبان پر مہارت کے لئے بھی خصوصی اقدامات کر رہی ہے، نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار فراہم کرنے کے لئے مارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق تربیت دی جا رہی ہے، حکومتی اقدامات کی بدولت ڈیجیٹل یوتھ ہب کے توسط سے ملک کے نوجوانوں کو ایک پلیٹ فارم پر اندرونی بیرون ملک روزگار کے مواقعوں کی تفصیلات فراہم کی جا رہی ہے، نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی پر موثر عملی اقدامات کے لئے تمام وزارتیں اور متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مشاورت سے کام کر رہی ہیں، تعلیمی اداروں میں یوتھ ڈویلپمنٹ سیلز قائم کیے جا رہے ہیں جو نوجوانوں کی رہنمائی اور کیریئر کاؤنسلنگ کے ساتھ ساتھ انہیں روزگار اور ہنر مندی کے مواقع سے آگاہ کریں گے۔ اجلاس میں پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان اور دیگر متعلقہ سرکاری اداروں کے افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 14

متعلق ایک روزہ اعلیٰ سطحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ یہ تقریب وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی، پاکستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (پاک ای پی اے) اسلام آباد اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے باہمی تعاون سے منعقد ہوا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ صاف ہوا ہر شہری کا بنیادی حق ہے جبکہ فضائی معیار کو بہتر بنانے کے لیے موثر نگرانی، پالیسیوں پر سختی سے عملدرآمد اور تمام متعلقہ شعبوں میں اصلاحات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صاف ہوا کے حصول کیلئے صنعت، ٹرانسپورٹ اور توانائی کے شعبوں میں موثر اصلاحات کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی میں کمی کیلئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ اور صاف توانائی کا فروغ بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ حکومت ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے جو فضائی آلودگی میں کمی لانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے تمام طبقات کو اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، صاف ہوا اور بہتر ماحول کے لیے عوامی شعور اجاگر کرنا بھی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آنے والی نسلوں کے لیے صاف، محفوظ اور صحت مند ماحول یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ ماحولیاتی پالیسی کا اصل مقصد صرف پالیسی بنانا نہیں بلکہ اس کے عملی فوائد عوام تک پہنچانا ہے، ماحول کے تحفظ کا بنیادی مقصد انسانی زندگی کا تحفظ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تحفظ ماحول کے حوالے سے کیے گئے اقدامات، موجودہ پالیسی اور اس کے نفاذ میں درپیش مسائل سے متعلقہ ماہرین ان سے کہیں زیادہ بہتر طور پر آگاہ ہیں۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ موجودہ پالیسی کے دوران سامنے آنے والی تبدیلیوں اور مسائل کی نشاندہی کے ساتھ ان کے ممکنہ حل بھی ماہرین ہی بہتر طور پر تجویز کر سکتے ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ پالیسی میں ضروری تبدیلیاں کی جائیں اور دستیاب پالیسی فریم ورک کو زیادہ موثر انداز میں استعمال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کسی ایک ادارے یا حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے تمام طبقات کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ این جی اوز اور ماحولیاتی شعبے سے وابستہ متعدد افراد نیا اپنی زندگیاں ماحول، آب و ہوا، صاف ہوا اور قدرتی وسائل کے تحفظ کیلئے وقف کر رکھی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بہت عرصے سے جاری انسانی سرگرمیوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی آلودگی اور ماحولیاتی مسائل کا ازالہ ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ فضائی آلودگی انسانی صحت پر براہ راست اثر انداز ہو رہی ہے اور اس کے نتیجے میں دل اور پھیپھڑوں کی بیماریوں سمیت متعدد صحت کے مسائل جنم لے رہے ہیں۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے ایک ذاتی واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کچھ عرصہ قبل وہ ایک ایسے شخص کے ساتھ ہسپتال میں موجود تھے جو بے ہوش اور زندگی کے آخری مرحلے میں تھا، اس موقع پر ان کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ کاش انہیں اس شخص کے ساتھ صرف ایک دن مزید گزارنے کا موقع مل جائے تاکہ وہ زندگی میں رہ جانے والی تمام باتیں اس سے کہہ سکیں، بعد ازاں جب انہوں نے ایک رپورٹ میں پڑھا کہ فضائی آلودگی انسانی زندگی کے کئی سال کم کر سکتی ہے تو انہیں وہی شخص یاد آیا جو اس وقت ہسپتال میں مشین کے ذریعے سانس لے رہا تھا اور زندگی و موت کی کشمکش میں مبتلا تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ایسے افراد صرف ایک نہیں بلکہ ہمارے شہروں میں ہزاروں اور ملک بھر میں لاکھوں افراد فضائی آلودگی اور ماحولیاتی مسائل کے اثرات برداشت کر رہے ہیں، بچے، نوجوان، بزرگ اور معاشرے کا ہر فرد آلودہ ماحول سے متاثر ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم ماحول کو بہتر بناتے ہیں تو دراصل صرف ماحول کو نہیں بچا رہے ہوتے بلکہ انسانی زندگیوں کو محفوظ بنا رہے ہوتے ہیں، یہی بنیادی نکتہ ہماری ماحولیاتی پالیسی، ترجیحات اور عملی اقدامات کا مرکز ہونا چاہیے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ماحولیاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے پالیسی سازی کے ساتھ ساتھ اس کے موثر نفاذ، ماہرین کی مشاورت اور عملی اقدامات پر خصوصی توجہ دینا ہوگی تاکہ صاف اور محفوظ ماحول یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 15

ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کو تیز کرنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ اعلامیہ کے مطابق پاکستان کو علاقائی ٹیکنالوجی اور برآمدی مرکز بنانے کیلئے گوگل معاونت جاری رکھے گا۔ گوگل کے مطابق 2022 سے گوگل پاکستان میں 3 لاکھ 50 ہزار کیریئر سرٹیفکیٹ اسکالرشپس دے چکا ہے، 80 فیصد سے زائد اسکالرشپ گریجویٹس نے 6 ماہ میں نئی ملازمت یا کاروباری ترقی حاصل کی۔ گوگل ڈویلپر گروپس کے ذریعے پاکستان میں 3 لاکھ ڈویلپرز تک رسائی حاصل کی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق اے آئی سیکھو پروگرام کے ذریعے 50 ہزار ڈیولپرز کو جنریٹو اے آئی اور گوگل کلاؤڈ کی تربیت دی گئی، گوگل کے تھنک ایپس اور ایپ ڈیزائن ماسٹر کلاسز سے 120 پاکستانی گیمنگ اور ایپ اسٹوڈیوز مستفید ہوئے۔ کلسٹر ڈائریکٹر گوگل فرحان قریشی نے کہا گوگل کے دفتر کے قیام کا مقصد پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل اور باصلاحیت افرادی قوت پر اعتماد کا اظہار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں گوگل کی موجودگی ڈیجیٹل تبدیلی کا عمل تیز کرے گی، گوگل کی مقامی موجودگی، طویل مدتی شراکت داری کے ذریعے پاکستان میں نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد دے گی۔

بقیہ 16

کے حل کے لیے بیک ڈور کوششیں جاری ہیں اور دونوں جماعتوں نے پس پردہ رابطوں کے ذریعے کوئی قانون سازی نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) اور پی پی پی کے درمیان معاملات طے پانے کی وجہ سے حکومت کا قومی اسمبلی اجلاس کے دوران قانون سازی کا عمل رک گیا ہے۔ قومی اسمبلی کے اسپیکر ایاز صادق نے کہا کہ وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور سید نوید قمر نے مجھے کہا ہے کہ فی الحال قانون سازی کے بلز منظوری کے لیے پیش نہ کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی قواعد میں ڈاکٹر نفیسہ شاہ کی ترامیم کی منظوری کے علاوہ باقی قانون سازی تاحکم ثانی روک دی گئی ہے۔

بقیہ 17

وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاک حج ایپ کے ذریعے 4 لاکھ سے زائد لوگوں نے رجسٹریشن کروائی ہے۔ سردار یوسف نے کہا کہ این آئی ٹی بی کے تعاون سے تمام حاجیوں کو آن لائن درخواست دینے کی سہولت دی گئی ہے جبکہ حج کے پورے نظام کو اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چار لاکھ سے زائد لوگوں نے اپنے گھروں میں بیٹھ کر حج کیلئے رجسٹریشن کروائی، آن لائن رقم جمع کرانے کی سہولت کے آغاز کے بعد آج سے حاجی اپنے گھروں میں بیٹھ کر حج اخراجات کو جمع کروا سکیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ حج 2027 کے سرکاری کوٹہ کیلئے ایک لاکھ 7 ہزار پانچ سو 27 سیٹیں مختص کی گئیں ہیں۔

بقیہ 18

برطانیہ کے ساتھ اعلیٰ ترین معیار کا تعاون کرتے ہوئے تقریباً 500,1 مسترد شدہ پناہ کے درخواست گزاروں، ویزا مدت سے زائد قیام کرنے والوں اور امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کو پاکستان واپس لینے میں تعاون کیا ہے۔ حکام کے مطابق شبیر احمد کے معاملے پر برطانوی حکومت کا مسلسل دباؤ دونوں ممالک کے درمیان وسیع تر تعاون کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ پاکستانی حکام نے موقف اختیار کیا کہ احمد نے پاکستانی شہریت ترک کر دی ہے، اپنی زندگی کا بیشتر حصہ برطانیہ میں گزارا اور ان کے جرائم بھی برطانیہ میں ہوئے، اس لیے انہیں پاکستان واپس بھیجنے کی ذمہ داری اسلام آباد پر عائد نہیں ہوتی۔ ایک پاکستانی عہدیدار نے کہا کہ شبیر احمد بنیادی طور پر برطانیہ کا اندرونی مسئلہ ہے اور برطانیہ کو اس معاملے کو اپنے دائرہ اختیار میں حل کرنا چاہیے۔ حکام نے برطانیہ کی جانب سے ممکنہ پابندیوں، جن میں پاکستانی شہریوں کے لیے ویزا پابندیاں اور پاکستان کے لیے غیر ملکی امداد روکنے کی تجاویز شامل ہیں، پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی ایک معاملے کو کئی دہائیوں پر محیط پاک برطانیہ تعاون پر حاوی نہیں ہونا چاہیے۔ دوسری جانب برطانوی حکومت شبیر احمد کو ملک بدر کرنے کے لیے امیگریشن قوانین میں تبدیلی کی تیاری کر رہی ہے، احمد کو 30 بچوں سے زیادتی کے جرائم میں 22 سال قید کی سزا سنائی گئی تھی اور وہ گزشتہ ماہ اپنی سزا کے 14 سال مکمل کرنے کے بعد جیل سے رہا ہوا ہے۔ پاکستانی حکام کے مطابق 2025-26 کے دوران برطانیہ سے پاکستان واپس بھیجے جانے والے پاکستانی شہریوں کی تعداد 24 فیصد اضافے کے ساتھ 158,1 سے بڑھ کر 437,1 ہو گئی۔ مسترد شدہ پناہ کے درخواست گزاروں کی واپسی میں بھی 74 فیصد اضافہ ہوا۔ پاکستان نے واضح کیا کہ وہ برطانیہ کے ساتھ امیگریشن، انٹیلی جنس اور سکیورٹی کے شعبوں میں تعاون جاری رکھنے کے لیے تیار ہے، تاہم شبیر احمد کے معاملے پر دباؤ کو دونوں ممالک کے باہمی تعلقات کے لیے نقصان دہ قرار دیا ہے

بقیہ 19

دفعات 419، 420، 468 اور 471 تعزیرات پاکستان کے تحت مقدمہ درج ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق کارروائی انسپکٹر محمد عظیم اور اے ایس آئی مظہر شاہ نے انجام دی، مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 20

نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی لاہور میں سالانہ کانفرنس ''پاکستان میں نایاب ارضی معدنیات: مواقع اور چیلنجز'' کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاکستان کو معدنی وسائل سے مالا مال ملک قرار دیا جاتا رہا ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ ہم ان وسائل کو قومی دولت اور معاشی خوشحالی میں تبدیل کرنے میں اب تک کیوں کامیاب نہیں ہو سکے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ مسئلہ سیاسی عزم کی کمی کا ہے، حکومتی ڈھانچے کا ہے یا ہمارے پالیسی فریم ورک میں کوئی بنیادی خامی موجود ہے۔ جب کسی پالیسی یا معاہدے کے حوالے سے اسٹیک ہولڈرز کے تحفظات سامنے آئیں تو انہیں نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے بلکہ ان کے سوالات کو سنجیدگی سے سننا اور دلیل کے ساتھ حل کرنا ہوگا۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاکستان کے آئین کے معمار اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان وسائل اور اختیارات کے معاملات کو ایک واضح آئینی فریم ورک کے تحت چلانا ہوگا۔ آئین نے اس حوالے سے بنیادی ڈھانچہ فراہم کیا ہے، اب ضرورت اس بات کی ہے کہ سیاسی عزم کے ساتھ اس آئینی فریم ورک کو موثر طور پر بروئے کار لایا جائے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ معدنی شعبے میں ہونے والے بین الاقوامی معاہدے پانچ یا دس سال کیلئے نہیں ہوتے بلکہ کئی حکومتوں اور کئی دہائیوں تک جاری رہ سکتے ہیں۔ اگر ہر حکومت کی تبدیلی کے ساتھ پالیسی تبدیل ہوتی رہے گی تو طویل المدتی سرمایہ کاری کیسے آئے گی؟ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ سرمایہ کار کو یہ یقین ہونا چاہیے کہ حکومت تبدیل ہونے کے باوجود قانون کے مطابق کیے گئے معاہدے محفوظ رہیں گے۔ پالیسی میں تسلسل اور معاہدوں کا نفاذ ہی سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بنیاد ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ معدنی وسائل کے حوالے سے وفاق اور صوبائی قوانین میں ہم آہنگی پیدا کرنا ضروری ہے۔ معدنی وسائل کی تلاش، اخراج، سرمایہ کاری، معاہدوں اور لائسنسنگ کے معاملات میں قوانین واضح ہوں تاکہ سرمایہ کار کو مختلف قوانین کے درمیان تضاد کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ قانون سازی کے دوران ماحولیاتی تحفظ جیسے اہم سوالات بھی سامنے آتے ہیں۔ اگر معدنیات کے حصول کیلئے جنگلات یا قدرتی وسائل متاثر ہوں تو یہ سوال لازماً اٹھے گا کہ ترقی اور ماحولیات کے درمیان توازن کیسے قائم کیا جائے۔ ایسے سوالات کے آسان جواب نہیں ہوتے، ان پر ماہرین، اداروں اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو مل بیٹھ کر فیصلہ کرنا ہوگا۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پارلیمان کی قائمہ کمیٹیوں، صوبائی اسمبلیوں، جامعات اور تحقیقی اداروں کا معدنی شعبے کی پالیسی سازی میں اہم کردار ہے۔ ہمارے جامعاتی ادارے ماہرین ارضیات اور دیگر شعبوں کے ماہرین تیار کر رہے ہیں، ان کی تحقیق کو عملی پالیسی سازی سے جوڑنے کی ضرورت ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے این ایس پی پی کی جانب سے مختلف اسٹیک ہولڈرز کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ عمل صرف کانفرنس کے انعقاد اور تحقیقی مقالوں کی اشاعت تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ تحقیق اور سفارشات کو بلوچستان سمیت تمام صوبوں کے منتخب نمائندوں تک پہنچایا جائے اور ان کے ساتھ باقاعدہ مشاورت کی جائے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ وہ معدنیات کے ماہر نہیں لیکن بطور قانون دان اور پارلیمانی عہدیدار ان کی دلچسپی یہ ہے کہ پاکستان میں سرمایہ لانے والے کاروباری افراد کو ایک ایسا قانونی ماحول فراہم کیا جائے جس میں انہیں اپنے سرمایہ اور معاہدوں کے مستقبل کے حوالے سے اعتماد حاصل ہو۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاکستان کے معدنی وسائل ملک کیلئے ایک بڑا موقع ہیں، تاہم ان وسائل کو قومی خوشحالی میں تبدیل کرنے کیلئے مضبوط اداروں، سیاسی عزم، موثر قانون سازی، صوبائی شراکت اور طویل المدتی قومی وژن کی ضرورت ہے۔ تقریب میں ریکٹر نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی لاہور فرحان عزیز خواجہ، چیئرمین سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ محمد اسماعیل قریشی، قونصل جنرل امریکی قونصلیٹ لاہور مسٹر اسٹیفنس سینڈرز، ڈین این آئی پی پی لاہور ڈاکٹر نوید الٰہی، کمرشل قونصلر چینی قونصلیٹ لاہور مسٹر بھوٹینگ اور دیگر ماہرین، پالیسی سازوں اور متعلقہ شعبوں سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ 21

ڈالر رہا، جبکہ جون 2026 میں یہ خسارہ 81 کروڑ 40 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ یوں ایک ماہ کے دوران کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں 48 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کی کمی ہوئی۔ مرکزی بینک کے مطابق جولائی 2025 میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 52 کروڑ 90 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اس طرح رواں سال جولائی میں سالانہ بنیاد پر بھی کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں نمایاں کمی ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں ملکی برآمدات میں بھی نمایاں بہتری آئی۔ برآمدات ماہانہ بنیاد پر 17 فیصد جبکہ سالانہ بنیاد پر 9 فیصد بڑھ گئیں اور اشیا کی برآمدات 3 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جو 19 ماہ کی بلند ترین سطح ہے۔ دوسری جانب جولائی میں ملکی درآمدات 6 ارب 20 کروڑ ڈالر پر تقریباً مستحکم رہیں۔ درآمدات میں نسبتاً استحکام اور برآمدات میں اضافے کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو کم کرنے میں مدد ملی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق جون 2026 کے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے اعداد و شمار پر نظرثانی بھی کی گئی ہے۔ جون کا خسارہ ابتدائی طور پر 64 کروڑ 90 لاکھ ڈالر رپورٹ کیا گیا تھا، تاہم نظرثانی کے بعد یہ بڑھ کر 81 کروڑ 40 لاکھ ڈالر ہو گیا۔ مرکزی بینک کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال 2025-26 کے دوران پاکستان کا مجموعی کرنٹ اکاؤنٹ 30 کروڑ 40 لاکھ ڈالر خسارے میں رہا تھا۔ معاشی اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ مالی سال 2026-27 کے آغاز پر برآمدات میں بہتری اور درآمدات میں نسبتاً استحکام کے باعث بیرونی کھاتے پر دباؤ میں کمی آئی ہے۔ تاہم کرنٹ اکاؤنٹ کو مستقل بنیادوں پر متوازن رکھنے کے لیے برآمدات میں تسلسل کے ساتھ اضافہ اور درآمدی دباؤ کو قابو میں رکھنا اہم ہوگا۔

بقیہ 22

دریائے سندھ سمیت دیگر دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کی وجہ سے سیلاب کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس سے پنجاب اور سندھ میں نقصان ہوتا ہے، بھارت کی طرف سے بھی پانی کو بطور ہتھیار استعمال کیا جاتا ہے، اس پر وزیر بریف کریں۔ وفاقی وزیر معین وٹو نے کہا کہ زراعت اور عام لوگ جو سیلاب کی زد میں آتے ہیں وہ فکر مند ہوتے ہیں، انہیں آگاہی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سردست تمام دریا معمول کے مطابق بہہ رہے ہیں، تربیلا ڈیم میں بھی پانی استعداد کے مطابق ہے، سیلاب کی صورتحال نہیں، 550 فٹ تک پانی کا ذخیرہ ہے۔

بقیہ 23

اضافی نفری ٹریفک پولیس کے ساتھ مل کر سڑکوں پر ٹریفک قوانین کی پابندی یقینی بنانے میں بھی معاونت کرے گی۔ حکام کے مطابق گزشتہ ڈیڑھ ماہ کے دوران ای چالانز کی بڑے پیمانے پر وصولی کی گئی ہے جبکہ 17 ارب روپے سے زائد کے ای چالانز کی وصولی کے لیے مزید خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ٹریفک حکام کے مطابق سیف سٹیز کے کیمروں اور ون ایپ کے ذریعے ای چالانز کے نادہندگان کی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی نشاندہی کی جا رہی ہے۔ ڈیفالٹر گاڑیوں کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ٹریفک پولیس حکام کے مطابق اضافی نفری کی تعیناتی کا مقصد صرف ای چالانز کی وصولی نہیں بلکہ شہر میں روڈ ڈسپلن بہتر بنانا اور ٹریفک قوانین پر موثر عملدرآمد یقینی بنانا بھی ہے

بقیہ 24

فیصلہ کیا ہے۔ ساندل ایکسپریس ملتان سے صبح 6 بجکر 30 منٹ روانہ ہو کر خانیوال، شورکوٹ، جھنگ صدر اور شاہین آباد سے ہوتی ہوئی دوپہر 1 بج کر 20 منٹ پر سرگودھا پہنچے گی۔ اسی طرح 140 ڈاؤن ساندل ایکسپریس سہ پہر 3 بجکر 35 پر سرگودھا سے روانہ ہو کر اسی روٹ سے ہوتی ہوئی رات 10 بج کر 25 منٹ پر ملتان کینٹ ریلوے اسٹیشن پہنچے گی۔ یہ ٹرین نو اکانومی کلاس کوچز اور ایک پاور وین پر مشتمل ہوگی۔

بقیہ 25

وسیع سیاحتی امکانات کو معاشی سرگرمی، روزگار اور ملکی وغیر ملکی سیاحوں کے لیے پرکشش مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے باہمی تعاون اور مربوط اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 26

کے مطابق آیا ہے، تحریک انصاف آج عدالت کی تعریف کر رہی ہے، تحریک انصاف کو چاہیے جب فیصلہ پسند کا نہ ہو تب بھی عدالتوں کا احترام کریں۔ اپوزیشن سے مذاکرات کے حوالے سے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مذاکرات سے متعلق وزیراعظم کی آفر بڑی دیر سے موجود ہے، اپوزیشن کی طرف سے اس پر مثبت ردعمل نہیں ملا۔ نئے صوبوں سے متعلق انہوں نے کہا کہ صوبوں سے متعلق ابھی تک صرف بحث برائے بحث ہے، جب کوئی واضح بات سامنے آئیگی تو مسلم لیگ (ن) اپنی رائے قائم کریگی۔

بقیہ 27

عدالت نے آبزرویشن دی کہ تفتیشی افسر کے بیانات اور پیش کی گئی دستاویزات میں واضح تضاد موجود ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ یا تو غلط مقدمہ درج کیا گیا یا انتہائی درجے کی نااہل تفتیش کی گئی۔ عدالت نے حکم دیا کہ اگر ملزمان کے خلاف کوئی اور مقدمہ درج نہیں تو انہیں رہا کر دیا جائے۔ استغاثہ کے مطابق ملزمان کے خلاف مئی 2024 میں 5،5 کلو سے زائد منشیات رکھنے کے الزام میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ بعد ازاں ایڈیشنل سیشن جج 8 نے تینوں ملزمان کو 14، 14 سال قید اور 4، 4 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی تھی۔

بقیہ 28

کہ عدالت نے ماہر ڈاکٹرز پر مشتمل میڈیکل بورڈ بنانے کا بھی حکم دیا ہے، بانی پی ٹی آئی کے مکمل طبی معائنے کے لیے آنکھ، دل اور دیگر امراض کے ماہرین شامل ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق میڈیکل بورڈ میں ڈاکٹر فیصل سلطان اور ڈاکٹر عظمیٰ خان کی شمولیت یقینی بنائی جائے، ذاتی معالج اور اہل خانہ کی شمولیت سے طبی تاریخ کا غیر جانبدارانہ جائزہ ممکن ہوگا۔ پی ٹی آئی نے عدالتی حکم پر فوری اور بلا تاخیر عملدرآمد کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم کی روشنی میں بانی پی ٹی آئی کی اہل خانہ سے ملاقات یقینی بنائی جائے، مشکل وقت میں قانونی اور انسانی حقوق کا مکمل پاس رکھا جائے۔ پاکستان تحریک انصاف کے اعلامیے کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے بنیادی حق صحت اور انسانی وقار کے تحفظ کو سراہتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کی کارکنان سے اپیل ہے کہ شفاء انٹرنیشنل اسپتال کے باہر مجمع نہ لگائیں۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت اور علاج کے مفاد میں اسپتال کے باہر پرامن ماحول رکھا جائے، عدالتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے میں تعاون کیا جائے، کروڑوں پاکستانی کئی ہفتوں سے بانی کی صحت پر تشویش کا اظہار کر رہے تھے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے کہا گیا کہ عدالت عظمیٰ کے حکم سے بہترین طبی سہولتوں کے مطالبے کو تقویت ملی، توقع ہے کہ متعلقہ حکام عدالتی احکامات پر من و عن عمل کریں گے۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے بانی پی ٹی آئی کا تمام میڈیکل ریکارڈ طلب کرتے ہوئے انہیں شفاء انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے حکم دیا کہ میڈیکل بورڈ تشکیل دیا جائے، بانء پی ٹی آئی کو سخت سیکیورٹی کے تحت ہسپتال منتقل کیا جائے، ہسپتال کے باہر امن و امان کی صورت حال متاثر نہیں ہونی چاہیے۔ بانی پی ٹی آئی کو شفاء انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے کی درخواست پر عبوری حکم جاری کرتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے کہا کہ شفاء انٹرنیشنل ہسپتال ڈاکٹرز کا بورڈ تشکیل دے، بانی پی ٹی آئی کی بہن ڈاکٹر عظمیٰ اور ذاتی معالج موجود ہوں گے۔

بقیہ 29

ردعمل تو دے گا۔ منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں تحریک انصاف نے پاکستانیوں کو اماراتی ویزا نہ ملنے، ویزا ایکسپائر ہونے پر رینیو نہ ہونے اور نامناسب سلوک کا معاملہ اٹھا دیا۔ تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے نکتہ اعتراض پر کہا کہ یو اے ای ہمارا دوست ملک ہے لیکن امریکا، ایران کی صورتحال کے بعد جو ہوا اس پر کچھ تحفظات ہیں، جو کچھ بھی ہو رہا ہے پارلیمان کو اعتماد میں ضرور لیں، جن لوگوں کے ویزا ایکسپائر ہو گئے ان کے ویزا کو رینیو نہیں کیا جا رہا ہے ان مسائل کو ضرور دیکھیں۔ بیرسٹر گوہر نے ایک اور ایشو پر بھی کہا کہ اگر دہشت گردی جاری رہے گی تو ترقی نہیں ہوگی اس پر سیر حاصل بحث ہونی چاہیے، میں بونیر سے ہو کر آیا ہوں آف کیمرا شیئر کرنا چاہتا ہوں جو بچے باہر گئے میڈیکل اسٹڈیز کے لیے ان کے لیے جو پی ایم ڈی سی نے ٹیسٹ رکھا ہے وہ بچوں کا وقت ضائع کرنے کے برابر ہے یہ بہت سنجیدہ مسئلہ ہے۔ بیرسٹر گوہر کے یو اے ای ویزا والے اعتراض پر جواب دیتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ یو اے ای میں بارہ چودہ سال رہا ہوں، میں جانتا ہوں وہاں پاکستانیوں کے ساتھ جو ہو رہا ہے، اسی نوے فیصد وہ لوگ ہیں جن لوگوں نے حالیہ جنگ میں فریق بننے کی کوشش کی، جب آپ کسی ملک میں رہ کر اسی کے خلاف فریق بنیں گے تو وہ ردعمل تو دے گا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ مکہ امن معاہدے میں جو چیزیں سامنے لائی جا سکتی ہیں اس پر ایوان کو بریف کیا جائے گا، مکہ امن معاہدے پر تیاری کروں گا، (آج) بدھ کو ایوان کو مکہ امن معاہدے پر بریفنگ کے لیے تیار ہیں۔ بعد ازاں خواجہ آصف اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی نشست پر چلے گئے، وزیر دفاع خواجہ آصف کی اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے گفتگو ہوئی اس دوران مشاورت میں بیرسٹر گوہر بھی موجود رہے۔ اسد قیصر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یو اے ای ہمارا برادر ملک ہے اس کی ترقی میں پاکستانیوں کا بہت کردار ہے جب حملہ ہوا میں سفر میں تھا وہاں ان کا ہمارے ساتھ رویہ مناسب نہیں تھا، صرف بھارت اور امریکا کے پاسپورٹ والوں کو سفر کی اجازت دی جا رہی تھی، پاکستانی قوم یو اے ای کی ترقی چاہتی ہے لیکن یہ معاملہ یو اے ای کے حکام سے اٹھایا جائے۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ بنیادی طور پہ پاکستان مسائل میں گھرا ہوا ہے ایک دو دن رکھ لیں سارے لوگ بولنا چاہتے ہیں، روزانہ کم سے کم پچاس ساٹھ آدمی قتل ہوتے ہیں سب بولیں گے تو شاید کوئی راستہ نکل آئے، بلوچستان میں روزانہ پچاس ساٹھ لوگ مارے جا رہے ہیں دہشت گردی سمیت دیگر مسائل روز بروز بڑھ رہے ہیں ایوان میں کم از کم دو روز تک بلوچستان کی صورتحال پر بحث کرائی جائے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ ہم کسی کو گالیاں دینے کے قائل نہیں ہم بات چیت اور مذاکرات کے قائل ہیں بات چیت اس ایوان سے زیادہ بہتر کہیں نہیں ہو سکتی طلال چوہدری کہہ رہے ہیں اسلام آباد میں غیر قانونی آبادی لوگوں نے پانی میں گند ڈالا جا رہا ہے میں کہتا ہوں اس وقت پورے ملک میں آپ لوگوں نے گند ڈالا ہوا ہے آئیں لوگوں کو ہر قسم کی گندگی سے نجات دلائیں۔

بقیہ 30

دیا تا کہ وہ جواب نہ دے سکیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کس کے دباؤ میں صرف تصویروں پر پوسٹ مارٹم رپورٹ بنائی گئی؟ میر حسین کا کہنا ہے کہ میرے بیٹے کے کیس میں پولیس کی نااہلی سب کے سامنے ہے۔

بقیہ 31

ہونے کے بعد گرفتار غیر ملکی قیدیوں کو اسی سب جیل سے ملک بدر کیا جائے گا۔ گرفتار ملزمان میں ویتنام، انڈونیشیا اور چین کے شہری شامل ہیں، جن پر مختلف ایپلی کیشنز کے ذریعے سرمایہ کاری کا لالچ دے کر شہریوں سے مبینہ طور پر فراڈ کرنے کا الزام ہے، ایف آئی اے کی جانب سے گرفتار ملزمان کو نجی پلازے میں قائم سب جیل میں رکھا جائے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق قیدیوں اور سب جیل کی سکیورٹی کی ذمہ داری ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کو سونپی گئی ہے، جبکہ سب جیل کے ریکارڈ اور انتظامی امور کی نگرانی ایف آئی اے کا گریڈ 17 کا افسر کرے گا۔ چیف کمشنر آفس نے اس سے قبل 11 اگست کو بھی گلبرگ گرین کے نجی پلازے کو سب جیل کا درجہ دینے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا، تاہم 14 اگست کو یہ نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا تھا۔ اب غیر ملکی قیدیوں کو دوبارہ نجی پلازے میں رکھنے کے لیے نیا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر کے اس پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گرفتار کیے گئے زیادہ تر غیر ملکی شہری سیاحتی ویزوں پر پاکستان میں قیام پذیر تھے۔ ادھر ایف آئی اے ذرائع کا کہنا ہے کہ گرفتار غیر ملکی شہریوں کی ملک بدری کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 32

کامیاب کارروائیاں قابل تحسین ہیں، انہوں نے دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے قوم اور سکیورٹی فورسز کا غیر متزلزل عزم لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی کامیابیاں حوصلہ افزا ہیں، بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔

بقیہ 33

شناختی کارڈز بنائے گئے، نادرا کے کئی اہلکار اس حوالے سے قانونی کارروائی کا سامنا کر رہے ہیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ افغانستان کے شہریوں نے کئی ممالک میں پاکستانی پاسپورٹ سرنڈر کیے ہیں، قومی ایکشن پلان پر سیاست کے بجائے متفقہ طور پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے بات کی گئی، اس پر بحث کیلئے وزارت داخلہ تیار ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اپوزیشن اراکین سکیورٹی بریفنگ کے دوران واک آؤٹ کر جاتے ہیں، قومی ایکشن پلان پر عمل درآمد وفاق اور صوبوں نے مل کر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی سب سے پہلی ترجیح امن و امان کی صورتحال یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 34

ہے۔ ملزمہ کی جانب سے صحت جرم سے انکار کے بعد عدالت نے مقدمے کے گواہان کو نوٹس جاری کر دیے اور استغاثہ کے گواہان کو 3 ستمبر تک عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا۔ استغاثہ کے مطابق ڈرگ ڈیلر انمول عرف پنکی کے خلاف ابتدائی طور پر قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا، تاہم کیمیکل رپورٹ موصول ہونے کے بعد مقدمے کو قتل بالسبب میں تبدیل کر کے عدالت میں رپورٹ جمع کرا دی گئی۔ ملزمہ کے خلاف مقدمہ تھانہ بغدادی میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 35

ہیں، ایک نوجوان جس نے اپنے ہاتھوں سے اپنا کاروبار کھڑا کیا تھا، پہلے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی کہ خودکشی کی ہے، حقائق کو مسلسل مسخ کرنے کی کوشش کی گئی، جوان بیٹے کی موت ہر روز ماں باپ کو مارتی ہے۔ خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ وزیر داخلہ اور داخلہ کمیٹی سے درخواست ہے کہ خصوصی کمیٹی بنائی جائے، اس معاملہ میں پولیس کا کردار مشکوک ہے، کیا صوبہ سندھ کا آئین الگ ہے؟ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کہا یہ صوبائی معاملہ ہے، عدالت دیکھ رہی ہے۔

بقیہ 36

آشنا کو مبینہ طور پر قتل کے مرکزی ملزمان کے طور پر گرفتار کر لیا۔ انویسٹی گیشن اور آپریشن ونگ تھانہ شیرا کوٹ کی پولیس ٹیموں نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے دونوں مرکزی ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی بیٹی اپنے آشنا سے شادی کرنا چاہتی تھی، تاہم رحمت علی اس شادی پر رضامند نہیں تھے، مبینہ طور پر اسی رنجش کی بنیاد پر بیٹی اور اس کے آشنا نے بزرگ شہری کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے مبینہ طور پر 2 لاکھ روپے کے عوض دو شوٹرز کو ہائر کیا، جنہوں نے فائرنگ کر کے رحمت علی کو قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ ایس پی انویسٹی گیشن اقبال ٹاؤن کے مطابق پولیس نے پیشہ ورانہ مہارت اور سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے قتل کے مرکزی ملزمان کو گرفتار کیا۔ پولیس نے بتایا کہ واقعے میں ملوث دیگر ملزمان اور شوٹرز کی گرفتاری کے لیے بھی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 37

کہا ہے کہ پاکستان کو 'برین ڈرین' (ذہین افراد کے انخلاء) کو 'برین گین' (ذہین افرادی قوت کے حصول) میں بدلنا ہوگا، پاکستان میں صلاحیت، عزم اور کاروباری جذبے کی کوئی کمی نہیں ہے، پاکستان کو جس چیز کی ضرورت ہے، وہ نوجوانوں اور عالمی سطح پر موجود مواقع کے درمیان ایک مضبوط رابطہ قائم کرنا ہے، اسی لیے میں 'پاکستان یوتھ فارن انویسٹمنٹ کونسل' کے قیام کی تجویز پیش کر رہا ہوں، یہ ایک ایسا قدم ہے جس کا مقصد پاکستان کے نوجوان کاروباری افراد کو عالمی سرمایہ، ٹیکنالوجی، مہارت اور بین الاقوامی منڈیوں سے منسلک کرنا ہے۔ پاکستانی نژاد برطانوی بزنس مین اسد شمیم نے کہا کہ پاکستان کے پاس دو غیر معمولی اثاثے ہیں، اس کے نوجوان اور بیرون ملک مقیم پاکستانی، برطانیہ، متحدہ عرب امارات، مشرق وسطیٰ، یورپ، شمالی امریکہ، آسٹریلیا سمیت دیگر ممالک میں مقیم پاکستانیوں نے کامیاب کاروبار، کیریئر اور بین الاقوامی نیٹ ورکس قائم کیے ہیں، پاکستان کیلئے ہمارا کردار محض ترسیلاتِ زر تک محدود نہیں رہنا چاہیے، ہم سرمایہ کاری، رہنمائی، ٹیکنالوجی، شراکت داری اور عالمی منڈیوں تک رسائی فراہم کر سکتے ہیں، پاکستان یوتھ فارن انویسٹمنٹ کونسل ایک قابل بھروسہ اور شفاف پل بن سکتا ہے جو اُمید افزا پاکستانی بزنس کو بیرون ملک مقیم پاکستانی سرمایہ کاروں، خاندانی دفاتر، وینچر کیپیٹل، ملٹی نیشنل کمپنیوں اور بین الاقوامی اسٹریٹجک شراکت داروں سے جوڑ سکتا ہے۔ بانی وی ای اوفرنیچر ان فیشن اسد شمیم نے بتایا کہ میں برطانیہ میں اُس مہم کا حصہ رہا جس نے 1929 کے اُن ضوابط کو تبدیل کرنے میں مدد دی جن کی وجہ سے ذیابیطس کے شکار پیشہ ور باکسرز کو پیشہ ورانہ باکسنگ کا لائسنس حاصل کرنے سے روک دیا جاتا تھا، میں اسی عزم کے ساتھ پاکستان کی اگلی نسل کیلئے مواقع پیدا کرنے کے عمل میں اپنا کردار ادا کرنا چاہتا ہوں، ایک برطانوی پاکستانی کاروباری شخصیت کی حیثیت سے میں پاکستان کیلئے مواقع کے دروازے کھولنے میں مدد کی خاطر اپنے بین الاقوامی کاروباری تجربے، تعلقات اور نیٹ ورکس کو بروئے کار لانے کیلئے تیار ہوں۔ او ایم انٹرنیشنل کے چیئرمین ایڈوائزری بورڈ اسد شمیم نے کہا کہ میرا ویژن ہے کہ ذہانت کے انخلاء سے ذہانت کے حصول کی جانب، ترسیلاتِ زر سے سرمایہ کاری کی جانب، پاکستانی ٹیلنٹ سے عالمی کاروباری اداروں کی جانب، پاکستان کے پاس ٹیلنٹ بھی ہے اور بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی افرادی قوت بھی، اب ہمیں انہیں آپس میں جوڑنا ہے اور ایک ایسا قابل اعتماد اور شفاف طریقہ کار بنانا ہے جس کے ذریعے پاکستان کی نوجوان نسل کی رہنمائی کی جا سکے۔

بقیہ 38

سے بلوچستان اور جنوبی پنجاب تک دہشتگردی کے خطرات کا نیشنل ایکشن پلان کے تحت مقابلہ کیا گیا اور ڈھائی سے 3 سال کے عرصے میں دہشتگردی کے خلاف نمایاں کامیابیاں حاصل ہوئیں، کراچی سے خیبر تک امن قائم ہوا اور ملک میں سرمایہ کاری کا ماحول بہتر ہوا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کو دوبارہ آباد کرنے اور ان سے مذاکرات کی پالیسی نے انسداد دہشتگردی کی کوششوں کو نقصان پہنچایا، دہشتگردوں کی واپسی دراصل چار سالہ انسداد دہشتگردی کی کوششوں کا ریورسل تھا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پالیسی پر تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینا ضروری ہے، کیونکہ سیاسی اتفاق رائے کے بغیر اس جنگ میں مستقل کامیابی مشکل ہے، دہشتگرد سخت اہداف کے بجائے نرم اہداف کو نشانہ بناتے ہیں، امام بارگاہوں، بچوں کی بسوں اور ٹرینوں پر حملے اس کی مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جعفر ایکسپریس جیسے حملے کی مثال دنیا میں کم ہی ملتی، تاہم سکیورٹی اداروں نے آپریشن انتہائی مہارت سے مکمل کیا، دہشتگردی میں اضافے کی ایک وجہ پالیسی کا ریورسل اور بیرونی مداخلت بھی ہے، جبکہ دہشتگردی کی بیرونی معاونت کے شواہد موجود ہیں۔ وفاقی وزیر نے پہلگام واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ واقعے کے فوری بعد پاکستان پر الزامات عائد کیے گئے، تاہم ریاست نے ہر الزام کا عملی اور مدلل جواب دیا، تاہم واقعے کے صرف آدھے گھنٹے میں ایف آئی آر کا اندراج کئی سنجیدہ سوالات اٹھاتا ہے، وزیراعظم کی جانب سے شفاف بین الاقوامی تحقیقات کی پیشکش نے بھارتی بیانیے کو بے نقاب کیا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ جس قوم نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں 90 ہزار جانیں قربان کیں، وہ دہشتگردی کی حمایت کیسے کر سکتی ہے؟ پاکستان کے پاس دہشتگردی کے خلاف اپنا موقف پیش کرنے کے لیے ٹھوس حقائق اور اعداد و شمار موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کلبھوشن یادیو کی بلوچستان سے گرفتاری پاکستان میں بھارتی مداخلت کا عملی ثبوت ہے، بھارت خود بیرون ملک کارروائیوں کے الزامات کا سامنا کر رہا ہے، جبکہ پاکستان دہشتگردی کے خلاف عملی جنگ لڑ رہا ہے، وفاقی وزیر نے ڈیجیٹل محاذ کے خطرات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ بیرونی عناصر تخریب کاری کے ساتھ ساتھ ذہن سازی اور منفی بیانیہ بھی تشکیل دیتے ہیں، ڈیجیٹل ڈومین میں ایک پوسٹ کسی شخص کی زندگی کو خطرے میں ڈال سکتی ہے، اس لیے سائبر کرائم سے نمٹنے کے لیے موثر قانونی فریم ورک ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سائبر سپیس میں دہشتگردی، خواتین کو ہراساں کرنے اور بچوں کے استحصال جیسے مسائل موجود ہیں، ڈیجیٹل دنیا میں کاؤنٹر ٹیررزم اور سائبر سکیورٹی کو موثر بنانے کی ضرورت ہے، اسی مقصد کے لیے سائبر کرائم ونگ کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں تبدیل کیا گیا ہے۔ عطا تارڑ کے مطابق نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشتگردی کے خلاف قانونی فریم ورک اور قانون نافذ کرنے کا نظام موجود ہے، تاہم اسے مزید موثر بنایا جا رہا ہے، ریاست مخالف بیانیے اور ذہن سازی کے خلاف موثر نظام تیار کرنا ضروری ہے، جبکہ قانون سازی کے ذریعے ریاست اور معاشرے کو لاحق خطرات کا بہتر مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان میں بیانیہ سازی اور قانون نافذ کرنے کے شعبوں کو مرکزی اہمیت حاصل ہے، ریاست مخالف بیانیہ بنا کر لوگوں کی ذہن سازی کرنے کے عمل کو روکنا ہوگا، دہشتگردی کے خلاف بیانیے کی جنگ میں ہول آف گورنمنٹ اپروچ ضروری ہے، وفاق اور تمام صوبوں کو مل کر ریاست مخالف ذہن سازی کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بیرونی ہاتھ کی بات شواہد اور قابل اعتماد معلومات کی بنیاد پر کی جاتی ہے، کلبھوشن یادیو کی بلوچستان سے گرفتاری بھارتی مداخلت کا اہم ثبوت ہے، ریاست مخالف سرگرمیوں اور سوشل میڈیا پر منفی مہمات کے خلاف قانون موجود ہے، جبکہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے بھی ریاست مخالف مواد کے خلاف کارروائی کی درخواست کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان کے تحت بیانیے کی جنگ میں مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے اور موجودہ قانونی فریم ورک کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے، ریاست مخالف پروپیگنڈے کا مقابلہ کرنے میں صوبائی اسمبلیوں کا بھی اہم کردار ہے، جبکہ بلوچستان حکومت نے ریاست مخالف پروپیگنڈے کو کاؤنٹر کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں۔ عطا تارڑ نے بتایا کہ وفاق اور صوبے مل کر ڈیجیٹل ڈومین میں ریاستی بیانیے کو مضبوط بنا رہے ہیں، حکومت نے ڈیجیٹل کمیونیکیشن کے لیے باقاعدہ نیا شعبہ قائم کیا ہے، جہاں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے الیکٹرانک میڈیا کے مواد کا تجزیہ کیا جا رہا ہے، اے آئی ٹیکنالوجی کے ذریعے الیکٹرانک میڈیا کی گفتگو کو خودکار طور پر تحریری متن میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر کے مطابق صوبوں کو ڈیجیٹل کمیونیکیشن کا نظام قائم کرنے کے لیے ٹیکنالوجی اور ماہرین فراہم کیے جا رہے ہیں، جبکہ حکومت نے ڈیجیٹل ڈومین میں مربوط اور باقاعدہ کمیونیکیشن سٹرکچر قائم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سافٹ امیج اور مثبت تشخص کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا حکومت کی ترجیح ہے، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے پاکستان کی ثقافت اور مثبت تشخص دنیا تک پہنچایا جا رہا ہے، جبکہ بلوچستان سمیت مختلف علاقوں میں میڈیا کی رسائی بڑھانے کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان کی حالیہ سفارتی کامیابیوں سے دنیا میں ملک کا وقار مزید بلند ہوا ہے اور پاکستان کو عالمی سطح پر عزت و قدر کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے، سفارتی کامیابیوں کو مزید موثر انداز میں دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے، جبکہ بیانیے کی طاقت اور سافٹ پاور کے ذریعے پاکستان کا مثبت تشخص دنیا تک پہنچایا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ انسداد پر تشدد انتہا پسندی کے لیے پی آئی ڈی میں خصوصی سیل قائم کیا گیا ہے، جبکہ دہشتگردی میں کمی کے لیے ریاستی اداروں کی مشترکہ کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کا کوئی رنگ، نسل یا مذہب نہیں ہوتا، اس کا مقصد تشدد کے ذریعے اپنے نظریات دوسروں پر مسلط کرنا ہے، پاکستان بزرگوں کی قربانیوں اور جدوجہد کے نتیجے میں وجود میں آیا اور ملک کی بقا و استحکام کے لیے پوری قوم متحد ہے۔

بقیہ 39

سپریم کورٹ نے حکم دیا کہ اسپتال کے باہر کسی قسم کی سیاسی سرگرمی نہ کی جائے۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ اسپتال میں اور بھی مریض ہوتے ہیں، اسپتال کے دیگر مریض متاثر نہیں ہونے چاہیں، اسپتال کے باہر میڈیا ٹاک یا پریس کانفرنس نہ کی جائیں، اسپتال کے باہر سیاست نہ کریں۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ہماری سیاسی مکمل طور پر الگ رہے گی۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ہدایت کی کہ عمران خان کی میڈیکل رپورٹ کو مکمل خفیہ رکھا جائے، جس پر سلمان اکرم راجا نے کہا کہ ہم یقین دہانی کرواتے ہیں میڈیکل رپورٹ مکمل خفیہ رہے گی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے آرڈر کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں کوئی نوٹس جاری نہیں کیا گیا اور بانی کو فوری طور پر اسپتال منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت عظمیٰ نے ریمارکس دیے کہ بانی کی صحت کے پیش نظر میڈیکل سہولت بنیادی حق ہے۔ کیس کی مزید سماعت 16 ستمبر تک ملتوی کر دی گئی۔ کیس سے متعلق سپریم کورٹ نے اپنے حکم نامے میں کہا کہ بانی پی ٹی آئی الشفاء انٹرنیشنل اسپتال میں رکھا جائے، ذاتی معالج فیصل سلطان کو بانی پی ٹی آئی تک رسائی دی جائے جبکہ میڈیکل بورڈ بھی تشکیل دیا جائے جس میں ماہر آنکھ، جنرل میڈیشن اور فیصل سلطان شامل ہوں، میڈیکل سپریم کورٹ میں جمع ہوگی۔ ڈاکٹر عظمیٰ کو بھی رسائی دی گئی۔ حکم نامے کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے علاج کے اخراجات فیملی اٹھائے جبکہ اہل خانہ سمیت وکلاء بانی پی ٹی آئی کی میڈیکل رپورٹ میڈیا سے شیئر نہ کرے۔ حکومت بانی پی ٹی آئی کی فیملی کے ساتھ ہفتہ وار ملاقات کروانے کا انتظام کرے جبکہ بانی کی بچوں کے ساتھ ٹیلی فونک گفتگو اداروں کے درمیان باہمی رابطوں اور تجربات کے تبادلے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مضبوط پارلیمانی ادارے ہی جمہوریت کے استحکام کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام قانون ساز اداروں کے درمیان باہمی مشاورت اور تجربات کا تبادلہ ضروری ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسپیکر کانفرنس پارلیمانی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اراکین کے پروڈکشن آرڈرز بلاامتیاز جاری کیے گئے ہیں، جو پارلیمانی روایات اور جمہوری اقدار سے وابستگی کا عکاس ہے۔ اس موقع پر اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے فراہم کیے جانے والے بھرپور پارلیمانی تعاون کو سراہا۔ انہوں نے پارلیمانی تعاون کے فروغ اور قانون ساز اداروں کے درمیان روابط مضبوط بنانے کے لیے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے کردار کو بھی سراہا۔ بعد ازاں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے اسپیکر گلگت بلتستان اسمبلی عمران ندیم نے بھی پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پارلیمانی امور، قانون سازی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے وفاق اور صوبائی قانون ساز اداروں کے درمیان روابط اور پارلیمانی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ قانون ساز اداروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینے کے لیے اسپیکرز کانفرنس ایک اہم پلیٹ فارم

نواز شریف سٹیڈیم میں کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد

کمشنر محمد علی نے شہریوں کی شکایات کا فوری حل فراہم کیا

سیالکوٹ (رپورٹر غلام مصطفی بھٹی) ڈسکہ سے نواز شریف سٹیڈیم میں منعقدہ کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین اور تمام متعلقہ ریونیو اور ضلعی افسران کی کھلی کچہری میں شرکت کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے شہریوں کی شکایات اور مسائل براہ راست سنے ریونیو، پولیس، لینڈ ریکارڈ، گیپکو، صفائی ستھرائی، تجاوزات اور دیگر امور سے متعلق شہریوں نے شکایات پیش کیں کمشنر محمد علی نے شہریوں کی درخواستوں پر موقع پر ہی متعلقہ افسران کو فوری احکامات جاری کئے بعض درخواستوں پر ڈی ایس پی اور اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ کو ساعت کے بعد دو گھنٹے میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت شہری کی محلہ رحمن پورہ میں گندگی کی موجودگی کی شکایت پر ستھرا پنجاب کی ٹیم کو موقع پر بھیجا، کاروائی کرکے ویڈیوز بھیجنے کا حکم کھلی کچہری میں آنے والے تمام شہریوں کو سنا گیا، ان کی شکایات کے ازالے کے لئے فوری احکامات جاری کئے ہیں کمشنر محمد علی کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں کو ان کی دہلیز پر شکایات کے فوری ازالے کی سہولت فراہم کرنا ہے کمشنر محمد علی وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے کمشنر محمد علی۔

پنجاب حکومت نے 12 ربیع الاول منانے کی ہدایت کردی

سرکاری اسکولوں میں سیرت النبی ﷺ کی سرگرمیاں منعقد ہوں گی



حافظ آباد (پروفیسر حمزہ اعظم راجپوت) پنجاب حکومت نے صوبے بھر کے تمام سرکاری اسکولوں میں 12 ربیع الاول مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منانے کی ہدایت کردی ہے۔اس سلسلے میں سرکاری اسکولوں میں تلاوتِ قرآن پاک، نعت خوانی، تقریری اور مضمون نویسی کے مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا، جبکہ طلبہ کو سیرتِ طیبہ، حضور اکرم ﷺ کی حیاتِ مبارکہ اور آپ ﷺ کی تعلیمات سے روشناس کرانے کے لیے سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر کوئز بھی منعقد کیے جائیں گے۔ پنجاب حکومت کی جانب سے ضلعی افسرانِ تعلیم کو تمام سرگرمیوں کے انتظامات کی نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ تمام پروگرام مقررہ وقت پر مکمل کیے جائیں اور منعقدہ سرگرمیوں کی تعلیمی رپورٹ تصاویر اور ویڈیوز سمیت متعلقہ حکام کو جمع کرائی جائے۔ پنجاب بھر میں 12 ربیع الاول بدھ، 26 اگست کو مذہبی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا، جس کے تحت سرکاری اسکولوں میں مختلف سیرت النبی ﷺ کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ ان سرگرمیوں کا مقصد طلبہ میں عشقِ رسول ﷺ، اسلامی اقدار اور سیرتِ طیبہ سے آگاہی کو فروغ دینا ہے۔

سیالکوٹ میں جدید گتے کے باکسز کی تیاری کا آغاز

ندیم گجر باکس میکر نے امپورٹ ایکسپورٹ کے لیے باکسز تیار کیے

سیالکوٹ (خصوصی رپورٹر ماسٹر عبدالمجید) امپورٹ ایکسپورٹ اور مینوفیکچرنگ کے عالمی مرکز سیالکوٹ میں مقامی صنعت کاروں اور تاجروں کی سہولت کے لیے کشمیر روڈ، محلہ دربار شریف (نزد چوہدری کیبل نیٹ ورک) پر "ندیم گجر باکس میکر" نے اعلیٰ معیار کے گتے کے باکسز کی تیاری کا آغاز کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ندیم گجر باکس میکر پر عالمی معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر قسم کے امپورٹ اور ایکسپورٹ پارسلز کے لیے مضبوط گتے کے ڈبے (کیمو باکسز) اور ڈبیاں تیار کی جا رہی ہیں۔ خصوصاً سیالکوٹ کی مشہور انڈسٹری جیسے گلوز (دستانے)، اسپورٹس گڈز، سرجیکل آلات اور دیگر تجارتی اشیاء کی محفوظ پیکنگ اور کارگو کے لیے خصوصی سائز اور ڈیزائن کے ڈبے دستیاب ہیں۔ مقامی تاجر برادری نے ندیم گجر کی اس معیاری سروس کو سیالکوٹ کی برآمدی صنعت کے لیے ایک بہترین اور وقت کی ضرورت قرار دیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی شکایات کے ازالے کی ہدایات

کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کی مؤثر کارکردگی پر زور، آصف رضا

عارف والا (رپورٹر اورنگزیب موہلہ) نائب صدر قائد اعظم میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارف والا۔ پریس ریلیز ڈپٹی کمشنر آصف رضا کی ہدایات ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز عمر سرور کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم سے متعلق اجلاس اجلاس کو شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات، ان کے بروقت ازالے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوام کی طرف سے موصول ہونے والی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور شہریوں کے مسائل کے فوری اور مؤثر حل کو یقینی بنایا جائے، انہوں نے واضح کیا کہ حکومتی ترجیحات کے تحت عوامی شکایات کے بروقت ازالے میں غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت کی کہ کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کو مزید مؤثر بنایا جائے اور موصول ہونے والی شکایات کی مسلسل مانیٹرنگ کرتے ہوئے مقررہ مدت میں ان کا ازالہ یقینی بنایا جائے۔

خواجہ سرا کے حقوق کے لیے بندیا رانا کی آواز بلند

پاکستان پیپلز پارٹی کی بندیا رانا خواجہ سرا کی حمایت میں سرگرم



کراچی (ظہیر احمد میمن) پاکستان زندہ باد بیسک آرگنائزیشن خواجہ سرا ونگ کی مرکزی چیئرپرسن، خواجہ سرا الائنس کی مرکزی رہنما بندیا رانا نے ہمارے نمائندہ سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ سرا پرامن شہری ھیں ایک انسان کے ناطے ان کے بھی وھی حقوق ھیں جو اللہ پاک نے انسانیت کے نام لکھ دیئے ھیں مگر ھم ان حقوق سے محروم ھیں بندیا رانا جو کہ سماجی بھبود کے کاموں میں سب سے آگے ھوتی ھے، وہ ٹاؤن میونسپل چیئرمین کی معزز میمبر ھے دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھتی ھے نے کہا کہ میں اپنی پارٹی پاکستان پیپلز پارٹی سے وابستہ ھوں ملک بھر کے خواجہ سراؤں کے حقوق کی جنگ لڑتی آرھی ھوں ھمارا ایک ھی مطالبہ ھے ھمیں ایک باعزت شہری سمجھ کر ھمیں اپنے حقوق دیئے جائیں سرکاری نوکریوں میں خواجہ سرا کو بھی ملازمت دی جائی تاکہ وہ معاشرے میں ایک اچھا شہری بن کر ملک اور قوم کی خدمت کر سکے یاد رھے کہ خواجہ سرا الائنس کی رھنما اور پاکستان زندہ باد بیسک آرگنائزیشن خواجہ سرا ونگ کی مرکزی چیئرپرسن بندیا رانا ملک بھر خصوصی طور پر سندھ بھر سے خواجہ سراؤں کی دیکھ بھال کرنے میں اپنا کردار ادا کرتی رھتی ھیں کئی غریب مسکین کی مدد کرنا نہیں اپنے پاؤں پر کھڑا ھونے کی تلقین کرتی رھتی ھے۔

آر پی او ساہیوال محمد ایاز سلیم کا محکمانہ احتساب شروع

اختیارات سے تجاوز کرنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی کا اعلان

عارف والا (رپورٹر اورنگزیب موہلہ) نائب صدر قائد اعظم میڈیا گروپ پریس کلب رجسٹرڈ عارف والا۔ تفصیلات کے مطابق آر پی او ساہیوال محمد ایاز سلیم کا محکمانہ احتساب اختیارات سے تجاوز اور ناقص تفتیش پر زیرو ٹالرنس پالیسی، سخت سزائیں اے ایس آئی زاہد حسین دو درجے رینک میں تنزلی کے بعد ملازمت سے برخاست ہیڈ کانسٹیبل علی شیر ملازمت سے برخاست سب انسپکٹر اویس صفدر ملازمت سے برخاست سب انسپکٹر افضال خان ایک رینک میں تنزلی کے بعد ملازمت سے برخاست اے ایس آئی طارق محمود اختیارات سے تجاوز پر معطل سب انسپکٹر محمد اشفاق ناقص تفتیش اور اختیارات سے تجاوز پر معطل اختیارات کا غلط استعمال کرنے والوں کے لیے محکمانہ احتساب کا عمل جاری رہے گا، آر پی او محمد ایاز سلیم قانون سے تجاوز کرنے والا کوئی افسر یا اہلکار احتساب سے بالاتر نہیں، محمد ایاز سلیم وردی اختیار نہیں، ذمہ داری ہے؛ فرائض میں غفلت ناقابل قبول ہے، آر پی او ساہیوال میرٹ، شفافیت اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، محمد ایاز سلیم عوام کو انصاف کی فراہمی میں رکاوٹ بننے والوں کے خلاف سخت کارروائی ہوگی، آر پی او ساہیوال۔

میر شازین خان بجارانی نے سردار عطا محمد کو حج مبارک دیا

کشمور میں سیاسی اور قبائلی مسائل پر رہنماؤں کی ملاقات

کندھکوٹ (رپورٹ عبدالعزیز سمیجو) جمعیت علماء اسلام کشمور کے رہنماء میر شازین خان بجارانی نے محمدانی ہاؤس کندھکوٹ پہنچ کر سردار عطا محمد محمدانی سے ملاقات کی اور ان کو حج کی سعادت حاصل کرنے پر مبارک باد دی دونوں رہنماؤں نے کشمور ضلع کی امن امان سیاسی اور قبائلی تنازعات کی صورتحال اور دیگر مسائل پر گفتگو کی اور مل کر ان مسائل کے حل کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

گٹکا ماوا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی، دو ملزمان گرفتار

ایس ایس پی ڈاکٹر محمد عمران خان کی ہدایات پر کارروائی کی گئی

کراچی (بیورو چیف فہد خان) ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل ڈاکٹر محمد عمران خان ڈی ایس پی لیاقت آباد وسیم محمد کی واضح ہدایات پر ایس ایچ او لیاقت آباد شوکت اعوان اور ہیڈ محرر لیاقت آباد مختار شاہ انٹیلی جنس آفیسر عامر بھٹی نے گٹکا ماوا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

کراچی میں ٹریفک آگاہی مہم کا انعقاد کیا گیا

شہریوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کی آگاہی فراہم کی گئی

کراچی (نعمان غوری) ڈی آئی جی ٹریفک کراچی اور ایس ایس پی ٹریفک ڈسٹرکٹ سینٹرل کی ہدایات پر ٹریفک اویرنس ٹیم نے گرو مندر پر ٹریفک آگاہی مہم کا انعقاد کیا، جس میں ڈی ایس پی جمشید اور ایس او پی آئی بی بھی موجود تھے۔ مہم کے دوران موٹر سائیکل سواروں، کار ڈرائیورز، کمرشل گاڑیوں اور منی بس ڈرائیورز کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی دی گئی۔ شہریوں کو ہیلمٹ و سیٹ بیلٹ کے لازمی استعمال، دورانِ ڈرائیونگ موبائل فون سے گریز، مقررہ رفتار کی پابندی، ون ویلنگ، اوور لوڈنگ اور منی بسوں کی چھت پر سفر سے اجتناب کی ہدایت کی گئی۔ کراچی ٹریفک پولیس شہریوں سے اپیل کرتی ہے کہ اپنی اور دوسروں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ٹریفک قوانین کی پابندی اور محفوظ سفر کو یقینی بنائیں۔

تھانہ نیکاپورہ پولیس نے تین ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا

پولیس نے لوٹی گئی 11 لاکھ 43 ہزار 740 روپے برآمد کرلی

سیالکوٹ (بیورو چیف چوہدری شمس گجر) تھانہ نیکاپورہ پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بینک سے رقم لے کر جانے والے شہری کو لوٹنے والے تین ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے لوٹی گئی 11 لاکھ 43 ہزار 740 روپے کی مکمل رقم برآمد کرکے متاثرہ شہری کے حوالے کردی گئی۔ پولیس کے مطابق 20 جولائی 2026 کو تھانہ نیکاپورہ کے علاقہ میں ایم سی بی بینک سے 11 لاکھ 43 ہزار 740 روپے لے کر جانے والے شہری کو ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر لوٹ لیا تھا، جس کا مقدمہ نمبر 651/26 بجرم دفعہ 392 ت پ تھانہ نیکاپورہ میں درج کیا گیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری اور رقم کی برآمدگی کے لیے ڈی ایس پی سٹی سرکل کی نگرانی میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دیں۔ ایس ایچ او تھانہ نیکاپورہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ سیف سٹی کیمروں، جدید تفتیشی طریقہ کار اور دیگر شواہد کی مدد سے واردات ٹریس کرتے ہوئے رضا حسن، جمیل حسین اور علی حسن کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزمان سے لوٹی گئی رقم مکمل طور پر برآمد کرکے شہری کے حوالے کردی۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔

چوہدری ممتاز علی: 50 دہائیوں سے عوامی خدمات کے مایہ ناز رہنما

چوہدری ممتاز علی کا شعبہ سیاست میں اہم کردار اور خدمات

ڈسکہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر غلام مصطفی بھٹی) ڈسکہ سے چوہدری ممتاز علی صاحب پاکستان کے ایک مایہ ناز سیاسی، سماجی اور کاروباری رہنما ہیں، جو صوبائی اسمبلی کے رکن (سابق ایم پی اے) کے طور پر عوامی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ وہ ایک انتہائی شفیق، اعلیٰ تعلیم یافتہ اور بااصول انسان ہیں جو سیاست، کاروبار اور خدمتِ خلق کے میدانوں میں ضلع سیالکوٹ کی ایک مانی پہچانی اور معتبر ترین شخصیت ہیں۔ پنجاہ دہائیوں پر محیط معتبر سیاسی خاندان اور نئی نسل چوہدری ممتاز علی کا تعلق ایک ایسے مایہ ناز خاندان سے ہے جس کی عوامی خدمات کا سفر 50 دہائیوں (آدھی صدی) پر محیط ہے۔ یہ خاندان پاکستان بالخصوص ڈسکہ کی سیاست میں ایک معتبر اور بااثر حیثیت رکھتا ہے۔ چوہدری صداقت علی صاحب (مرحوم): چوہدری ممتاز علی صاحب کے بڑے بھائی جو ریکارڈ تین مرتبہ سابق ایم پی اے منتخب ہوئے۔ چوہدری ارشد علی صاحب (مرحوم): ان کے دوسرے بڑے بھائی جو بلدیہ کے چیئرمین رہ چکے ہیں۔ چوہدری سجاد علی: ان کے بھائی جو بطور جنرل کونسلر عوامی مسائل کے حل کے لیے سرگرم رہے۔ چوہدری فہد سجاد (ابھرتی ہوئی قیادت): چوہدری سجاد علی کے صاحبزادے اور چوہدری ممتاز علی کے بھتیجے ہیں، جو آج کل سیاست میں ایک نیا اور ابھرتا ہوا چہرہ بن کر سامنے آئے ہیں۔ وہ نہ صرف ایک مخلص سماجی کارکن ہیں بلکہ علاقے کی سیاست میں بھی ایک بڑی اور متحرک سیاسی شخصیت کے طور پر اپنی پہچان بنا چکے ہیں۔ اوصافِ حمیدہ اور خاندان پروری ذاتی زندگی میں چوہدری ممتاز علی ایک انتہائی شفیق، 'یاروں کے یار' اور دوستوں کے سچے دوست ہیں۔ وہ ایک بہترین خاندان پرور شخصیت ہیں، جنہوں نے ہمیشہ اپنے خاندان کو جوڑ کر رکھا۔ انہوں نے اپنے خاندان اور برادری میں موجود غریبوں، مساکین اور ضرورت مندوں کی ہمیشہ دل کھول کر بڑی مالی و اخلاقی امداد کی اور ان کا سہارا بنے۔ چوہدری ممتاز علی صاحب کا فلاحی جذبہ صرف ڈسکہ تک محدود نہیں بلکہ انہوں نے ملک گیر سطح پر قدرتی آفات کے دوران صف اول میں رہ کر خدمات انجام دیں: چوہدری ممتاز علی صاحب پنجاب کی معروف این جی او ینگ بلڈ فاؤنڈیشن ڈسکہ کے بانی اراکین میں شامل ہیں۔ ینگ بلڈ فاؤنڈیشن ڈسکہ کے لئے ایمبولینس۔ اس ہسپتال کے لیے گیس کی فراہمی جیسے بڑے کارنامے چوہدری ممتاز علی صاحب کی سماجی خدمات کا حصہ ہیں 2005 کا زلزلہ: زلزلے کی تباہ کاریوں کے دوران انہوں نے متاثرین کی بحالی اور بے سہارا لڑکیوں کی اجتماعی شادیوں کے انعقاد میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ راجن پور میں آنے والے بدترین سیلاب کے دوران انہوں نے متاثرہ خاندانوں کے لیے بڑے پیمانے پر امدادی سامان اور راشن پہنچانے میں بڑی خدمات سرانجام دیں۔ سال 2024 میں سوات اور منگورہ کے علاقوں میں آنے والے ہولناک سیلاب کے دوران بھی انہوں نے اگلی صفوں میں رہ کر متاثرین کی دادرسی کی اور انسانیت کی خدمت کی ایک عظیم مثال قائم کی۔ کاروباری اور زمینداری خدمات وہ رئیل اسٹیٹ، زراعت اور صنعت کے شعبوں میں ایک نمایاں نام ہیں: ہاؤسنگ سیکٹر: انہوں نے ڈسکہ کی معروف کاروباری شخصیت بشیر احمد ناز کے ساتھ مل کر متعدد نئی اور جدید رہائشی سوسائٹیاں قائم کیں۔ زمینداری اور رائس شیلر: ان کا خاندان روایتی طور پر زمینداری و دیگر کاروبار سے وابستہ ہے، اور چوہدری ممتاز علی کا اپنا رائس شیلر علاقے میں روزگار کا ایک بڑا ذریعہ ہے۔ بطور ایم پی اے انہوں نے ڈسکہ کی تقدیر بدلنے میں تاریخی کردار ادا کیا، جن میں درج ذیل منصوبے سرِفہرست ہیں: سول ہسپتال ڈسکہ کی اپ گریڈیشن: صحت کی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کیا۔ ڈسکہ پل کی تعمیر: ٹریفک کے سنگین مسائل کو مستقل طور پر حل کیا۔ ڈسکہ پل کی تعمیر نو گیس کی فراہمی: ڈسکہ اور گردونواح کے عوام کو سوئی گیس کی بنیادی سہولت فراہم کی۔۔ چوہدری ممتاز علی ایک سچے عاشقِ رسول ﷺ اور باعمل مسلمان ہیں۔ وہ دینی سرگرمیوں، مساجد و مدارس کی سرپرستی اور مذہبی تقاریب کے انعقاد میں ہمیشہ مخلصانہ طور پر پیش پیش رہتے ہیں۔۔۔۔۔۔ از قلم: : حاجی زاہد جہانگیر ینگ بلڈ والے 64301300320-

وزیر آباد میں آٹھ گھنٹے طویل لوڈشیڈنگ سے زندگی مفلوج

بجلی کی بندش نے وزیر آباد کی عوام کو مشکلات میں مبتلا کر دیا

وزیر آباد (ڈاکٹر سید حسنین شاہ بخاری) شدید گرمی اور حبس میں گیپکو کا عوام پر وار، آٹھ گھنٹے طویل لوڈشیڈنگ سے عوامی زندگی مفلوج۔ جمعرات کے روز گیپکو کے متعدد فیڈرز سے مسلسل آٹھ گھنٹے سے زائد بجلی کی بندش نے وزیر آباد شہر اور اس کے گردونواح میں عوام کی زندگی عذاب بنا دی۔ صبح کے وقت یکایک بند ہونے والی بجلی کے باعث شہری شدید پریشانی اور پریشان کن حالات کا شکار رہے، جبکہ روزمرہ کے بنیادی کاروباری اور خانگی امور مکمل طور پر ٹھپ ہو کر رہ گئے۔ بجلی کی طویل بندش کے باعث شہر کے مختلف علاقوں اور ساتھ ملحقہ دیہاتوں میں پینے کے پانی کی شدید قلت پیدا ہو گئی، جس نے شہریوں کی مشکلات کو دوچند کر دیا۔ صنعتی اور تجارتی طبقہ بھی بجلی نہ ہونے کے باعث اپنے معمول کے کام پورا نہ کر سکا جس سے بھاری مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ مقامی آبادی نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ گیپکو انتظامیہ بغیر کسی پیشگی اطلاع کے اس طرح کی بلاجواز طویل لوڈشیڈنگ کر کے شہریوں کے صبر کا امتحان لے رہی ہے۔ شہریوں نے گیپکو کے اعلیٰ حکام، چیف ایگزیکٹو اور متعلقہ محکموں سے فوری طور پر اس بدترین صورتحال کا نوٹس لینے کی اپیل کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بلاجواز پاور کٹ کے اس سلسلے کو فوراً روکا جائے تاکہ علاقے کے مکینوں کو اس اذیت ناک اور سنگین صورتحال سے نجات مل سکے۔

ڈاکوؤں نے مزاحمت پر شہری علی احمد کو مضروب کردیا

مسلح ڈاکوؤں نے شہری سے نقدی اور موبائل چھین لیا

حجرہ شاہ مقیم سے (بیورو چیف محمود اشرف) ڈاکوں نے مزاحمت پر شہری کو مضروب کردیا؛ مقدمہ درج؛ رپورٹ کیمطابق علی احمد سکنہ کھرل کلاں بسواری موٹر سائیکل اپنے فیملی کیساتھ حجرہ جا رہے تھے جب قبرستان پھلاہی والا کے نزدیک پہنچے تو نامعلوم مسلح آتشین اسلحہ ڈاکوں نے روک کر لوٹنا چاہا تو علی احمد نیمزاحمت کرنا چاہی تو ملزمان نے اسکے پاؤں پر فائر مار کر مضروب کردیا اور اپلائیڈ فار 125، نقدی اور موبائل وغیرہ چھین کے فرار ہوگئیپکار 15 کی کال سے اطلاع ملنے پر پولیس، 1122 ودیگر ایجنسیز موقع پر پہنچیں موقع ملاحظہ کیبعد شہری کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا اور اندراج مقدمہ کیبعد ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے۔

دفاع پاکستان آرمی موومنٹ کا سندھ پولیس موومنٹ سے لاتعلقی کا اعلان

دفاع پاکستان آرمی موومنٹ نے سندھ پولیس کی عزت کا اظہار کیا

کراچی (نعمان غوری) دفاع پاکستان آرمی موومنٹ کا سندھ پولیس زندہ باد موومنٹ سے اظہار لاتعلقی، دفاع پاکستان آرمی موومنٹ کی مرکزی کمیٹی نے اپنے حالیہ بیان میں تمام عہدیداران اور ممبران کو یہ واضح پیغام دیا ہے کہ دفاع پاکستان آرمی موومنٹ کا سندھ پولیس زندہ باد موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ مرکزی کمیٹی نے کہا کہ ہم سندھ پولیس کی ہمیشہ عزت کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ ہماری نیک تمنائیں سندھ پولیس کے ساتھ ہیں۔

خطرناک اشتہاری ڈاکو 12 برس بعد گرفتار؛ انعامی رقم مقرر

منشیات فروش سے 2 کلو چرس برآمد؛ مقدمات درج کرکے جیل بھیجا

حجرہ شاہ مقیم (بیورو چیف محمود اشرف) 12 برسوں سے روپوش اشتہاری ڈاکو گرفتار؛ منشیات فروش سے 2 کلو سے زائد چرس برآمد؛ مقدمات درج؛ رپورٹ کیمطابق انچارج عامر اسلم SHO صدر کو مخبر نے اطلاع دی کہ خطرناک اشتہاری ڈاکو اپنی محبوبہ کو ملنے آیا ہے فوری ریڈ پر گرفتاری ممکن ہے اس اطلاع پر چوہدری محمد اشرف سب انسپکٹر چوکی انچارج، رانا ریاست علی ASI، بابر حسین ہیڈ کانسٹیبل و نفری کے ہمراہ بھیس بدل کر ریڈ کیا تو ڈرامائی انداز میں خطرناک اشتہاری ڈاکو شفیق عرف شفیقو جس نے 12 سالوں سے پولیس کو جل دے کر خود ساختہ روپوشی اختیار کر رکھی تھی کو گرفتار کرلیا ملزم A کیٹیگری کا اشتہاری ہے اور اسکی گرفتاری پر انعامی رقم مقرر ہے دوسرے واقعہ میں عظمت نسیم لیڈی SHO نے عظمت علی جٹ SI کے ہمراہ کامیاب ریڈ کرکے ریکارڈ یافتہ بدنام زمانہ منشیات فروش عرفان امین سے 2 کلو 250 گرام چرس برآمد کرکے اندراج مقدمہ کیبعد جیل بھیج دیا ہے انچارج عامر اسلم SHO صدر، عظمت نسیم SHO ڈھلیانہ، چوہدری محمد اشرف چوکی انچارج، رانا ریاست علی ASI نے جاوید نگر پریس کلب، اتحاد پریس کلب ڈھلیانہ کے قلم کاران سے گفتگو میں کہا کہ سماج دشمن عناصر معاشرے کا ناسور ہیں انکو پابند سلاسل کر کے علاقہ میں مثالی امن یقینی بنائیں گے۔

للہ شریف میں کھلی کچہری، بجلی کے مسائل پر شہریوں کی شکایات پیش

ایڈیشنل چیف انجینیئر وحید احمد عباسی نے شہریوں کو یقین دہانی کرائی

پنڈ دادن خان (راجہ ظفر اقبال للہ سے) منسٹری اف انرجی پاور ڈویژن گورنمنٹ اف پاکستان اور سی ای او آئیسکو انجینیئر خالد محمود کی ہدایت پر بجلی کے تمام مسائل کے متعلق شکایات کے لیے ایڈیشنل چیف انجینیئر وحید احمد عباسی ایس ای سرکل چکوال نے للہ ٹاؤن میں کھلی کچہری لگائی وحید احمد عباسی ایڈیشنل چیف انجینیئر ایس ای چکوال سرکل محمد اصغر ایکسین پنڈ دادن خان اینڈ ٹیکنیکل ڈائریکٹر چکوال محمد عمران ایس ڈی او للہ ٹاؤن چکوال سرکل سے ایچ ڈی ایم عظمت حیات اظہر جاوید ایس ڈی او چکوال پنڈ دادن خان ڈویژن سے ایچ ڈی ایم ملک اسد بشیر ڈویژن سپریڈنٹ ظہیر احمد نے کھلی کچہری میں شرکت کی للہ شریف میں واپڈا کی کھلی کچہری، شہریوں نے لو وولٹیج اور لوڈشیڈنگ کے مسائل پیش کر دیے للہ شریف: للہ سب ڈویژن میں ایس ای واپڈا اور ایکسین واپڈا کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں اہلِ علاقہ نے بجلی سے متعلق اپنے مسائل اور شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری کے دوران سب سے زیادہ شکایات لو وولٹیج، لوڈشیڈنگ اور بجلی کی کیبلز کی کم اونچائی کے حوالے سے موصول ہوئیں۔ اہلِ علاقہ نے مطالبہ کیا کہ للہ میں نئے گرڈ اسٹیشن کا قیام فوری عمل میں لایا جائے تاکہ کم وولٹیج کا دیرینہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہو سکے۔ اس موقع پر شہریوں نے ذاتی بجلی کے میٹرز کے حصول اور نئے الیکٹرک پولز کی تنصیب کے لیے بھی درخواستیں جمع کروائیں۔ ایس ای واپڈا اور ایکسین واپڈا نے اہلِ علاقہ کی شکایات سنیں اور یقین دہانی کرائی کہ جہاں تک ممکن ہو سکے، مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر فوری حل کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے للہ سب ڈویژن کے ورکروں نے اور یونین کے چیئرمین جاوید انجم نے ایڈیشنل چیف انجینیئر وحید احمد عباسی ایس ای سرکل چکوال کو پھولوں کے ہار اور پتیاں نچھاور کی جس میں خصوصی شرکت للہ میڈیا سیل نے کی اہلِ علاقہ نے کھلی کچہری کے انعقاد کو سراہتے ہوئے مطالبہ کیا کہ بجلی کے بنیادی مسائل کے مستقل حل کے لیے عملی اقدامات بھی جلد مکمل کیے جائیں

کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان کاٹھیا کا ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے کام کی رفتار کو یقینی بنانے کی ہدایت

بہاولنگر (محمد اشفاق وٹو) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان کاٹھیا نے ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ کے ہمراہ ضلع بہاولنگر میں مختلف جاری ترقیاتی منصوبوں اور سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کمشنر نے ترقیاتی منصوبوں کے سلسلہ میں فقیر والی روڈ، ڈونگا بونگا، عارف والا روڈ، جٹو والا روڈ سمیت مختلف سڑکوں کا موقع پر معائنہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کے معیار، رفتار اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران نے کمشنر بہاولپور ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر بہاولنگر کو جاری ترقیاتی سکیموں، کام کی پیش رفت اور منصوبوں کی تکمیل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر نے ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنانے اور کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے کہا کہ عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے اور ترقیاتی کاموں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے بھی متعلقہ افسران کو ترقیاتی سکیموں کی بروقت تکمیل اور موقع پر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

وہاڑی میں آمدِ ماہِ مبارک کا عظیم الشان جلوس منعقد

جلوس میں ہزاروں عقیدت مندوں نے شرکت کرکے محبت کا اظہار کیا

وہاڑی (ڈویژنل بیورو چیف ملتان): جماعت اہل سنت وہاڑی کے زیر اہتمام آمدِ ماہِ مبارک کی مناسبت سے استقبالِ ربیع الاول الشریف کا عظیم الشان اور روح پرور جلوس منعقد کیا گیا۔ جلوس میں شہر اور گردونواح سے جلیل القدر علماءِ کرام، مشائخ عظام، سیاسی و سماجی رہنماؤں، تاجر برادری اور ہزاروں کی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کرکے حضور سرورِ کائنات ﷺ سے اپنی بے پناہ محبت و عقیدت کا مظاہرہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق یہ تاریخی جلوس مدینہ کالونی چوک (سلمان ہسپتال) سے انتہائی نظم و ضبط اور دیدہ زیب انداز میں روانہ ہوا۔ جلوس شہر کی تمام مرکزی شاہراہوں سے ہوتا ہوا پریس کلب وہاڑی پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔ پوری فضا "مرحبا یا مصطفیٰ ﷺ" اور "آمدِ مصطفیٰ ﷺ مرحبا مرحبا" کے نعروں سے گونجتی رہی۔ جلوس کے تمام تر روٹ پر شہریوں، تاجروں اور اہلیانِ علاقہ کی جانب سے شرکاء پر منوں پھول نچھاور کیے گئے اور جگہ جگہ پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے والہانہ استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر فضا دن بھر نعرہِ تکبیر، نعرہ رسالت اور درود و سلام کی صداؤں سے معطر رہی۔ جلوس کی قیادت ضلعی آرگنائزر جماعت اہل سنت وہاڑی پیر ڈاکٹر حافظ سلمان علی رانا نے کی۔ ان کا کہنا تھا کہ حضور سرورِ کونین ﷺ کی ولادت باسعادت کائنات کا سب سے بڑا احسان ہے اور ان کی تعلیمات و اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہو کر ہی دنیا اور آخرت میں کامیابی ممکن ہے۔ اس موقع پر امیر جماعت اہل سنت حضرت علامہ مولانا مفتی محمد یعقوب خان سعیدی، ناظم اعلیٰ حضرت علامہ مولانا مفتی فاروق الحسن مہدی اور دیگر جید علماءِ کرام نے اپنے خطابات میں کہا کہ ماہِ ربیع الاول الشریف تمام کائنات کے لیے رحمت، برکت اور ہدایت کا باعث ہے۔ علماء نے زور دیا کہ موجودہ دور میں امتِ مسلمہ کو درپیش چیلنجز سے نجات کا واحد ذریعہ اسوہِ حسنہ اور تعلیماتِ مصطفیٰ ﷺ پر مکمل عمل پیرا ہونا ہے۔ انہوں نے اتحادِ بین المسلمین اور باہمی رواداری کو عام کرنے پر خصوصی زور دیا۔ جلوس میں حضرت علامہ مولانا مفتی محمد یعقوب خان سعیدی (امیر جماعت اہل سنت وہاڑی)، حضرت علامہ مولانا مفتی فاروق الحسن مہدی (ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت وہاڑی)، قاری محمد اسلم سعیدی (آرگنائزر جماعت اہل سنت سٹی وہاڑی)، پیر محمد اسحاق قادری، حضرت علامہ مولانا حافظ محمد حسین جلالی رضوی (امیر جماعت اہل سنت سٹی وہاڑی)، رانا شفاعت علی (ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت سٹی وہاڑی)، حضرت علامہ مولانا مفتی محمد حیات قادری (صدر مرکزی سنی علماء کونسل)، حضرت علامہ مولانا قاضی محمد وہاج قادری، حضرت علامہ قاری مختار احمد قادری (جنرل سیکرٹری سنی علماء کونسل)، حضرت علامہ قاری عبدالمصطفیٰ سعیدی (ناظم تعلیم و تبلیغ جماعت اہل سنت سٹی وہاڑی)، حضرت علامہ قاری عطاء المصطفیٰ خان سعیدی، قاری شاہد نواز سعیدی، حضرت علامہ قاری محمد الطاف ڈوگر، حضرت علامہ مولانا قاری احمد یعقوب، حضرت علامہ مولانا قاری امانت علی، حضرت علامہ قاری محمد فیاض سلطانی، حضرت علامہ مولانا مفتی شعبان جلالی، حضرت علامہ قاری محمد رمضان سعیدی، قاری محمد سجاد قادری، ڈاکٹر محمد نعمان قادری (جوائنٹ سیکرٹری جماعت اہل سنت سٹی وہاڑی)، رانا تیمور علی (ناظم نشرواشاعت جماعت اہل سنت وہاڑی)، معروف سیاسی و سماجی شخصیت ڈاکٹر محمد اسماعیل نفیس شاہ اور قاری محمد لیاقت علی نقشبندی نے خصوصی شرکت کی۔ جلوس میں شہر کی نمائندہ تنظیموں نے شرکت کی جن میں مرکزی میلاد کمیٹی وہاڑی، المحمدی میلاد کمیٹی وہاڑی، غلامانِ گنج شکر، انجمن غلامانِ پنجتن پاک، ادارۃ المصطفیٰ، اصلاحی جماعت، دعوتِ اسلامی، انجمن تاجران وہاڑی، اور منہاج القرآن شامل ہیں۔ پولیس کی جانب سے سکیورٹی اور ٹریفک کے مناسب انتظامات کیے گئے جبکہ شہریوں کی طرف سے شرکاء کے لیے پینے کی پانی کی سبیلیں لگائی گئیں۔ جلوس کے اختتام پر پریس کلب وہاڑی کے سامنے ملک و قوم کی سلامتی، استحکام، ملکی ترقی اور امتِ مسلمہ کی سربلندی کے لیے رقت آمیز اجتماعی دعا کی گئی اور عوام سے ماہ ربیع الاول کو شایان شان طریقے سے منانے کی اپیل کی گئی۔

12 ربیع الاول

*12 ربیع الاول- تحریر: (رانا مدثر حسین) بسم اللہ الرحمن الرحیم میرے قلم کے پاس الفاظ نہیں، صرف عقیدت ہے۔ اور 12 ربیع الاول کا مہینہ ہے... وہ دن جب کائنات کی سب سے بڑی نعمت اس دنیا میں تشریف لائی۔ 12 ربیع الاول وہ دن ہے جب مکہ کی گلیوں میں رحمت نے قدم رکھا۔ جس رات ابرہہ کے ہاتھی پلٹ گئے، جس صبح بت گر گئے، جس گھر میں "امین" پیدا ہوا۔ وہ نبی آئے جو یتیم تھے لیکن ساری انسانیت کے والی بن گئے۔ وہ "رحمۃ للعالمین" آئے جن کے آنے سے اندھیروں کو روشنی نصیب ہوئی۔ 12 ربیع الاول صرف جلوسوں اور چراغاں کا دن نہیں ہے۔ یہ اپنے آپ سے سوال کرنے کا دن ہے: کیا میں نے اس نبی ﷺ کی سیرت کو اپنایا جس کی

ایک ادا میں ساری دنیا کی کامیابی ہے؟ کیا میں نے اس نبی ﷺ کے اخلاق کو اپنے گھر، بازار اور دفتر میں زندہ کیا؟ کیا میرا دل اس محبت سے دھڑکتا ہے جس کا تقاضا "تم میں سے کوئی مومن نہیں ہو سکتا جب تک میں اسے اس کے ماں باپ اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں" درود شریف پڑھیں۔ زیادہ سے زیادہ۔ گھر کو پاک کریں۔ دل کو پاک کریں۔ کسی یتیم کے سر پر ہاتھ رکھیں، کسی بھوکے کو کھانا کھلائیں۔ یہی اصل عید میلاد النبی ﷺ ہے۔ اے اللہ! ہمیں اپنے محبوب ﷺ کی سچی محبت عطا فرما۔ ہمیں قیامت کے دن ان کے جھنڈے تلے جگہ دینا۔ ہمیں ان کے ہاتھوں جام کوثر نصیب کرنا۔ آمین۔ "وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ" اے محبوب! ہم نے آپ کا ذکر بلند کر دیا۔ 12 ربیع الاول مبارک ہو۔ اللہ ہم سب کو سیرت مصطفیٰ ﷺ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا مشاورتی اجلاس

پنجاب حکومت اور الیکشن کمیشن کے درمیان بلدیاتی انتخابات کی مشاورت

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات 15 دسمبر 2026 سے 15 جنوری 2027 کے دوران ہونگے، الیکشن کمیشن کا اعلان

سیالکوٹ (شیخ ثاقب گلزار سے) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا معاملہ اہم مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلدیاتی انتخابات کی تاریخ طے کرنے کے لیے آج 20 اگست کو پنجاب حکومت کے نمائندوں سے اہم مشاورتی اجلاس طلب کر لیا ہے، جس کے بعد صوبے میں بلدیاتی انتخابات کے شیڈول کے حوالے سے پیش رفت متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کافی عرصے سے زیرِ غور تھی، تاہم اب اسے حتمی شکل دینے کے لیے باقاعدہ مشاورت کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ قانون کے تحت بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے اعلان سے قبل صوبائی حکومت سے مشاورت ضروری قرار دی گئی ہے۔ الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 219 (3) اور پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ کی دفعہ 59 کے تحت الیکشن کمیشن کی جانب سے بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے اعلان سے قبل متعلقہ صوبائی حکومت سے مشاورت کی جاتی ہے۔ اسی قانونی تقاضے کے تحت الیکشن کمیشن نے پنجاب حکومت کی تشکیل کردہ کمیٹی کو اجلاس میں مدعو کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آج ہونے والے اہم اجلاس میں پنجاب حکومت کی کمیٹی الیکشن کمیشن کے حکام سے بلدیاتی انتخابات کی تاریخ، انتخابی عمل اور دیگر متعلقہ امور پر مشاورت کرے گی۔ پنجاب حکومت کی کمیٹی کی سربراہی وزیر بلدیات ذیشان رفیق کریں گے۔ اجلاس میں چیف سیکریٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی شرکت بھی متوقع ہے، جبکہ صوبائی وزراء شیر علی گورچانی، عاشق حسین کرمانی اور رانا سکندر حیات بھی پنجاب حکومت کی کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق مشاورتی اجلاس کے بعد پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے اعلان کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آسکتی ہے۔ بلدیاتی انتخابات کے منتظر امیدواروں اور سیاسی و سماجی حلقوں کی نظریں آج ہونے والے اجلاس پر مرکوز ہیں۔ بلدیاتی نمائندوں اور انتخابی عمل میں حصہ لینے کے خواہش مند امیدواروں میں بھی اجلاس کے حوالے سے خاصی دلچسپی پائی جا رہی ہے۔ اگر مشاورت کے بعد معاملات طے پا گئے تو پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی جانب عملی پیش رفت شروع ہو جائے گی۔ سیاسی و عوامی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کا اعلان ہونے سے مقامی سطح پر سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی اور امیدوار اپنی انتخابی تیاریوں کو حتمی شکل دینا شروع کر دیں گے۔ بلدیاتی انتخابات کے امیدوار تیار ہو جائیں، آج کا اجلاس پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخ کے اعلان کے حوالے سے اہم پیش رفت کا باعث بن سکتا ہے۔

تھانہ نیکاپورہ پولیس نے تین ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا

ملزمان سے لوٹی گئی رقم 11 لاکھ 43 ہزار 740 روپے برآمد

سیالکوٹ (بیورو چیف چوہدری شمس گجر): تھانہ نیکاپورہ پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بینک سے رقم لے کر جانے والے شہری کو لوٹنے والے تین ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے لوٹی گئی 11 لاکھ 43 ہزار 740 روپے کی مکمل رقم برآمد کرکے متاثرہ شہری کے حوالے کردی گئی۔ پولیس کے مطابق 20 جولائی 2026 کو تھانہ نیکاپورہ کے علاقہ میں ایم سی بی بینک سے 11 لاکھ 43 ہزار 740 روپے لے کر جانے والے شہری کو ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر لوٹ لیا تھا، جس کا مقدمہ نمبر 651/26 بجرم دفعہ 392 ت پ تھانہ نیکاپورہ میں درج کیا گیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری اور رقم کی برآمدگی کے لیے ڈی ایس پی سٹی سرکل کی نگرانی میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دیں۔ ایس ایچ او تھانہ نیکاپورہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ سیف سٹی کیمروں، جدید تفتیشی طریقہ کار اور دیگر شواہد کی مدد سے واردات ٹریس کرتے ہوئے رضا حسن، جمیل حسین اور علی حسن کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے ملزمان سے لوٹی گئی رقم مکمل طور پر برآمد کرکے شہری کے حوالے کردی۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔

وزیر آباد میں ڈاکوؤں کی فائرنگ، ایک ملزم ہلاک

پولیس تھانہ صدر کی کارروائی، جرائم میں کمی کا امکان

وزیر آباد (ڈاکٹر سید حسنین شاہ بخاری) دوران تلاش اشتہاری مجرمان، پولیس تھانہ صدر کی بڑی کامیابی، مبینہ طور پر دو ڈاکو مقابلے میں پار۔ ایس ایچ او علی حسنین باجوہ نفری کے ہمراہ بسلسلہ گشت و پڑتال بدرو یہ گان، تلاش مجرمان ناکہ بندی کیلئے تھانہ سے روانہ ہو مختلف مقامات سے ہوتے ہوئے دربار اللہ رکھا ویر کی روڈ پر ناکہ کے قریب رات ایک بجے کے قریب بھروکی روڈ کی جانب سے ایک ہنڈا موٹر سائیکل 125 تیز رفتاری سے آیا جس کے سواروں دو کس نامعلوم کو روکنے کی کوشش کی گئی تو انہوں نے اپنے دستی ہتھیاروں سے فائرنگ شروع کردی جس پر پولیس ٹیم نے گاڑیوں کی اوٹ میں اور لیٹ کر جانیں بچائیں ملزمان کو گرفتاری دینے کو کہا گیا مگر انہوں نے فائرنگ جاری رکھی بعد میں پولیس ٹیم نے گاڑی کی ہیڈ لائٹ کی روشنی میں سرچ کیا تو ایک کس خون میں لت پت پایا مضروب پایا گیا اور اس کے دائیں ہاتھ کے پاس سے پسٹل 30 بور ملا ملزم کا ہمراہی موقعہ سے فرار ہو گیا جس کی تلاش شروع کردی گئی۔ مضروب نے اپنا علی رضا عرف بلا ولد نوید مغل سکنہ حافظ آباد روڈ گلہ اکبر بٹ والا گوجرانوالہ بتایا جو ہسپتال جاتے ہوئے دم توڑ گیا ریکارڈ کی پڑتال پر معلوم ہوا کہ ملزم راہزنی، موٹر سائیکل چوری اور منشیات فروشی کی وارداتوں میں ملوث تھا۔ علاقے میں جرائم پیشہ افراد کیخلاف پولیس کی موثر کارروائیوں کے بعد جرائم میں کمی آئی ہے۔ شہریوں نے سی پی او گوجرانوالہ کے احکامات پر پولیس تھانہ صدر کی جانب سے جاری کارروائیوں کو سراہا ہے۔